ABC CERTIFIED
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعتہ المبارک 18 ستمبر 2026ء 06 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 17
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

رہا ہو گئے، پھر گرفتار

سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی کو جنازے میں شرکت کے بعد واپسی پر نیلور پولیس نے گرفتار کیا 4 گھنٹے حبس بے جا میں رکھنے کے بعد چھوڑا گیا، ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان

اسلام آباد پولیس نے پی ٹی آئی رہنماؤں کو ایک اور مقدمے میں دوبارہ گرفتار کرلیا اور انسداد دہشگردی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر دونوں کو پھر جیل بھیج دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا کو تھانہ نیلور کی حدود سے پولیس نے حراست میں لے لیا اور چار گھنٹے بعد رہا کیا گیا۔ اپوزیشن اتحاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد پولیس نے معروف وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی چٹھہ کو سپریم کورٹ کی جانب سے ضمانت منظور کیے جانے کے بعد ایک اور مقدمے میں دوبارہ گرفتار کرلیا اور انسداد دہشت گردی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد ہائیکورٹ سپریم کورٹ کو کام سے روک رہی ہے، جسٹس نعیم

ہائیکورٹ میں جو کچھ ہوا وہ ہمارے لیے سرپرائز تھا وکیل، آج کل سرپرائزز کا دور ہے، جسٹس افغان کے ریمارکس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی ضمانتیں 2 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور کرتے ہوئے ان کے خلاف ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل کردیا۔ جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

لندن دورہ پر تنقید بلاجواز، عوام کیلئے طیارے پر جہاں جانا پڑا جاؤں گی، مریم نواز

چاروں وزرائے اعلیٰ کے پاس جہاز ہیں، صرف مجھ پر تنقید ہورہی ہے، جہاز کے پونے 3 کروڑ روپے خود ادا کیے

میں طیارے میں بھی ہوں تو میرا دفتر چلتا ہے، میں یوٹیوبرز کو جواب دہ نہیں، الیکٹرک بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

ملتان (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سرکاری جہاز کے استعمال پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج ان پر بیٹی کی گریجویشن میں سرکاری جہاز میں جانے پر تنقید کی جارہی ہے لیکن جہاز کے سارے اخراجات انہوں نے خود ادا کیے، وہ عوام کو جوابدہ ہیں کسی یوٹیوبر کو نہیں۔ ملتان میں الیکٹرک بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ بڑی تنقید ہورہی ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز ملتان میں الیکٹرو بس کی افتتاحی تقریب کے دوران بچوں سے گفتگو کر رہی ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کفایت شعاری مہم، بازار 9 بجے، شادی ہال 10 بجے بند کرنے کا حکم

سرکاری گاڑیوں کے لیے 3 ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی، نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کی جائے گی

سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائیگا، حکومتی اخراجات میں کمی، توانائی اور ایندھن کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں، وزیراعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت بازار 9 بجے اور شادی ہال 10 بجے بند کرنے کے احکامات جاری کردیے، شادی کی تقاریب میں صرف ون ڈش ہوگی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور و دیگر اوقات کار سے مستثنیٰ ہوں گے۔ وفاقی حکومت نے ایندھن کی بچت اور اضافی کفایت شعاری کے اقدامات کی نگرانی اور عملدرآمد سے متعلق احکامات جاری کیے ہیں جس کا وفاقی کابینہ ڈویژن نے نوٹی فکیشن جاری کردیا۔ کمیٹی کی سفارشات پر غور کے بعد کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے اقدامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ احکامات میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑیوں کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی۔ مالی سال 2026-27ء کے پورے عرصے کے لیے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کی جائے گی جس کی کٹوتی ماہانہ بنیادوں پر کی جائے گی تاہم ترقیاتی منصوبوں پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا۔ یہ اقدام بیرون ملک پاکستانی مشنز اور ان مشنز میں تعینات تمام پیشہ ورانہ گروپس یا سروسز سے تعلق رکھنے والے افسران و اہلکاروں پر بھی لاگو ہوگا تاہم ان کے رہائش کے کرایوں، تعلیمی فیس اور طبی سہولیات سے متعلق واجبات پورے کیے جائیں گے۔ ڈیسکیونٹی جوائن کریں تمام اقسام کی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی جارہی ہے، تمام پائیدار اشیاء کی خریداری پر مکمل پابندی ہوگی، آئی ٹی سے متعلق خریداری اس پابندی سے مستثنیٰ ہوگی۔ تین ماہ کے لیے بیرون ملک تمام سرکاری دوروں اور سفر پر مکمل پابندی ہوگی، حتیٰ کہ لازمی نوعیت کے دورے بھی اس پابندی کے دائرے میں شامل ہوں گے، تاہم اسکالرشپس کے تحت پیش کیے جانے والے دورے اس پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے۔ کفایتی اقدامات سے استثنیٰ کی درخواستیں کیس ٹو کیس بنیاد پر زیر غور لائی جائیں گی، صوبائی اور علاقائی حکومتیں بھی ایسے ہی کفایتی اقدامات اپنانے پر غور کرسکتی ہیں۔ فیصلوں کے تحت سرکاری اجلاسوں کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ کو ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی ہے، غیرملکی وفود کے سوا سرکاری عشائیوں کی میزبانی پر مکمل پابندی ہوگی، حکومت کے فنڈز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کیساتھ کھڑا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے اثرات پر تحفظات، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش

بھارت جنوبی ایشیا کو مزید عدم استحکام سے دوچار کرنے والی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں سے باز رہے، سجاد حیدر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ اسلام آباد میں ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا کہ سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ مکہ پر ڈرون حملے کی گھناؤنی کوشش ناقابل معافی، حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے: وزیراعظم ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور کے پی کے وزیر توانائی احمد عباسی اجلاس میں شریک ہیں

بالاکوٹ آسمانی بجلی گرنے سے دو بہنیں جاں بحق، 3 افراد زخمی

مقامی افراد کا متاثرہ خاندانوں کو ضروری امداد اور سہولیات فراہم کرنیکا مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بالاکوٹ میں آسمانی بجلی گرنے سے دو بہنیں جاں بحق، تین افراد زخمی ہو گئے، واقعہ تحصیل بالاکوٹ کے علاقے وادی منور (کوٹکے سیریاں) میں پیش آیا، تفصیلات کے مطابق تحصیل بالاکوٹ کی یونین کونسل مہانڈری وادی منور کے علاقے (کوٹکے سیریاں) میں آسمانی بجلی گرنے کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں دو بہنیں جاں بحق جبکہ تین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈسکوز کو کنزیومر پرسیپشن سروے کرنیکی ہدایت، بہتری کی بنیاد بنے گی، اویس لغاری

سروے صارفین کی فلاح اور خدمت کے عزم کا عملی مظہر، یہ محض انتظامی کارروائی نہیں بلکہ خدمات میں بہتری کا ذریعہ ہے

سروے نیپرا کے مقررہ پیرامیٹرز کے مطابق ہونا چاہیے، بجلی کے شعبے میں صارفین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، وزیر توانائی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے تمام ڈسکوز کو کنزیومر پرسیپشن سروے فوری شروع کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ وفاقی وزیر نے سروے کے طریقہ کار، معیارات اور شیڈول کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔ اویس لغاری نے کہا کہ صارفین کی رائے جاننے کے لیے سروے نیپرا کے مقررہ پیرامیٹرز کے مطابق ہونا چاہیے۔ کنزیومر پرسیپشن سروے سے ڈسکوز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

مکہ پر حملے کا الزام احمقانہ ہے؛ حوثی

صرف اُن مقامات کو نشانہ بنا رہے جو یمن کیخلاف جنگ میں استعمال ہو رہے ہیں

صنعاء (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے حوثی رہنما عبدالملک الحوثی نے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کے الزام کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے صرف فوجی ٹھکانے اور تیل کی تنصیبات ہدف پر ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یمن کے حوثی رہنما عبدالملک الحوثی نے سعودی عرب پر یمن کے خلاف حملوں اور محاصرے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لندن، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستانی ہائی کمیشن میں اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان بہتر معاشی پوزیشن میں، ترقی کا تسلسل جاری رہیگا، وزیر خزانہ

ملک پائیدار اور برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے ماڈل کی جانب بڑھ رہا ہے، محمد اورنگزیب

مختلف شعبوں میں اصلاحات کے ذریعے نجی شعبے کو زیادہ مواقع دینے پر بھی توجہ مرکوز ہے، بزنس سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب پہلے سے بہتر معاشی پوزیشن میں ہے اور معاشی بہتری کا تسلسل رواں مالی سال میں بھی جاری ہے۔ لیڈرزان اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں بہتری آئی ہے، ترسیلات زر میں مضبوط اضافے سے کرنٹ اکاؤنٹ کو فائدہ ہورہا ہے جبکہ آئی ٹی برآمدات بھی مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ ملک پائیدار اور برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے ماڈل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان امداد پر مبنی تعلقات سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب بڑھ رہا ہے۔ دوطرفہ شراکت داروں کے ساتھ تجارتی و سرمایہ کاری روابط بڑھانا، سرمایہ کاروں کو متحرک کرنا اور تجارتی تعلقات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

کچلاک؛ کم سن بچی کا ضعیف العمر شخص سے مبینہ نکاح، والد گرفتار

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوٹس، واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں کم سن بچی کے مبینہ طور پر ایک ضعیف العمر شخص سے نکاح کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لے لیا۔ واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے، جبکہ بچی کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی کے مطابق گرفتار عبدالباری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

حرمین کے دفاع کیلئے پاکستان کا بچہ بچہ جان دینے کو تیار ہے، فضل الرحمان

لاہور (بیورو رپورٹ) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ یمن سے ایک گروہ اٹھ کر سعودی عرب پر حملہ آور ہے، سعودی حکومت کو بتانا چاہتا ہوں پاکستان کا بچہ بچہ حرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

20 ستمبر سے سپر لانگ، قافلے اسلام آباد پہنچیں گے: حافظ نعیم الرحمن

جماعت اسلامی کے کارکنان کی 33 روزہ ریاضت نے قوم میں امید پیدا کردی

کل مردان، پشاور جلسے، پرسوں سے پورے لاہور میں کاروان چلیں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد سنجیدہ ہے، ہم کسی ذاتی یا جماعتی مفاد کے لیے نہیں بلکہ پوری قوم کا مقدمہ لڑ رہے ہیں، حکومت نے عوام کے مطالبات تسلیم نہ کیے تو 20 ستمبر سے تاریخی سپر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ کراچی انڈسٹریل پارک کی ڈویلپمنٹ بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی: بھارت نے پاکستان کی درخواست مسترد کردی

پاکستان نہیں آتا تو متبادل ٹیم کو مدعو کریں گے، سیکرٹری بھارتی ہاکی فیڈریشن

لاہور: (پی این پی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی ایشو پر ہاکی انڈیا نے پاکستان کی درخواست مسترد کردی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین ہاکی فیڈریشن سے درخواست کی تھی کہ پاکستان کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کیے جائیں یا پھر چیمپئنز ٹرافی کا مقام ہی بھارت سے باہر کسی غیر جانبدار ملک میں رکھا جائے۔ جس پر بھارتی ہاکی فیڈریشن کے سیکرٹری بھولا ناتھ سنگھ نے اپنا ردعمل دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انڈین ہاکی فیڈریشن کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پیٹرول کی قیمت میں معمولی کمی، ڈیزل مزید مہنگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے دوران پیٹرول کی قیمت میں معمولی کمی کردی تاہم ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں مزید 3 روپے سے زائد کا اضافہ کردیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

نائب صدر NPC عثمان خان کے والد سپرد خاک

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

راولپنڈی (نمائندہ شہر نامہ) نیشنل پریس کلب کے نائب صدر اور نمائندہ خصوصی سماء ٹی وی عثمان خان کے والد محترم کو میڈیا ٹاؤن راولپنڈی کے مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ میڈیا ٹاؤن میں ادا کی گئی، جس میں صحافتی برادری، سول سوسائٹی، عزیز واقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ لاہور بار پنڈی بچ کے نئے کمروں کا افتتاح کررہے ہیں

وزیراعظم ریلیف پیکیج SMS مفت، دیگر شہروں میں بھی سستے پٹرول کی فراہمی شروع

پورے ملک بشمول آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت عوام تک ریلیف کی فراہمی جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی اسکیم میں مزید سہولت فراہم کردی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی اسکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کردیا گیا ہے۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت فراہم کردی گئی ہے۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو پورے ملک بشمول آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت عوام تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

چین سے 30 ارب یوآن کی سوئپ سہولت میں توسیع کی درخواست کا فیصلہ

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان نے چین سے حاصل کی گئی 30 ارب یوآن کی سوئپ سہولت میں توسیع کی درخواست کا فیصلہ کیا ہے جب کہ امریکا سے 10 ارب ڈالر کی ایکسچینج اسٹیبلائزیشن سہولت پر دو ماہ میں جواب متوقع ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر ملاقات کررہی ہیں

پاکستان کا اسرائیل کے خلاف شطرنج میچ کا بائیکاٹ

سمرقند: (پی این پی) ازبکستان کے شہر سمرقند میں جاری اولمپیاڈ سمرقند 2026 میں پاکستان نے اسرائیل کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

حکمران پرامن جدوجہد کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہ کریں، طارق سلیم

پیٹرولیم لیوی کیخلاف جاری احتجاجی تحریک ہر دل کی آواز بن گئی ہے، امیر جے آئی پنجاب

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی پیٹرولیم لیوی کے خلاف جاری احتجاجی تحریک ہر دل کی آواز بن گئی ہے، ہر گزرتے دن کے ساتھ احتجاجی دھرنوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، اس وقت ملک بھر کے 41 شہروں میں دھرنے جاری ہیں، جماعت اسلامی کا اسلام آباد مارچ نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

آئی جی سہیل چوہدری کے شہداء وغازیوں کے گھروں، پولیس لائنز دورے

غازی اہلکاروں کی عیادت اور پولیس جوانوں کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہر نامہ) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے شہداء و غازیوں کے گھروں اور پولیس لائنز کے دورے۔ آئی جی اسلام آباد نے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی، غازی اہلکاروں کی عیادت اور پولیس جوانوں کی فلاح و بہبود کے لئے مختلف انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پولیس فورس کی فلاح و بہبود کو اولین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا
اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سانحہ پمز، ذمہ داروں کو عبرت کا نشان بنایا جائے!

سانحہ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی تحقیقاتی رپورٹ جاری کردی گئی ہے جس میں 14 نومولود بچوں کی المناک موت کو انتظامی ناکامی قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فرنٹ لائن عملے نے بچوں کو بے یارومددگار نہیں چھوڑا، آگ لگنے کا سب سے زیادہ ممکنہ مقام اے سی یونٹ نمبر 1 کے قریب موجود اے سی یونٹ نمبر 2 کی بجلی کی کیبل تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ 10 بستروں کے یونٹ میں 15 انتہائی نازک نومولود زیرعلاج تھے، متعدد آکسیجن پر تھے، صرف دو ڈاکٹر اور دو نرسیں موجود تھیں، انخلاء کے وسائل محدود تھے، بچوں کے انخلاء کیلئے ایس او پیز، فائر ڈیٹیکشن، الارم یا سپرنکلر سسٹم کا کوئی ثبوت نہیں ملا، اے سی تنصیب میں غفلت، ہنگامی راستے میں رکاوٹ، تنبیہ کے باوجود کارروائی میں ناکامی اور امداد طلب کرنے میں تاخیر جیسی وجوہات شامل ہیں۔ پمز کی نرسری میں آتشزدگی کے باعث 14 معصوم اور بے گناہ نومولود بچوں کی المناک موت نے پوری قوم کو سوگوار اور اضطراب میں مبتلا کردیا تھا۔ تحقیقاتی رپورٹ میں اِس واقع کو محض "ادارہ جاتی اور انتظامی ناکامی" قرار دیا گیا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اِس ادارہ جاتی اور انتظامی ناکامی کا ذمہ دار کون ہے، اُس کا تعین کیوں نہیں کیا گیا؟ کیا انتظامیہ کو لفظوں کے مبہم خول میں چھپا کر 14 نوزائیدہ بچوں کے خون کا حساب دیا جاسکتا ہے؟ رپورٹ میں فرنٹ لائن عملے (نرسوں اور سکیورٹی گارڈز) کو بےقصور قرار دے کر حادثے کی ذمہ داری سے بری قرار دیا ہے، جو کسی حد تک قرینِ انصاف ہوسکتا ہے کیونکہ اُنہوں نے محدود وسائل کے باوجود بچوں کو بچانے کی کوشش کی لیکن سوال یہ ہے کہ پھر اِس واقع کا ذمہ دار کون ہے؟ وزیراعظم شہباز شریف نے پمز ہسپتال کی بہتری کے لئے لائحہ عمل پر اجلاس میں تحقیقاتی رپورٹ اور اِس کے پرفارمنس آڈٹ کا جائزہ لیا اور سخت ہدائت کی کہ پمز میں فائر سیفٹی کے لئے پاکستان کِڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ ریسرچ سینٹر (پی کے ایل آئی) سے معاونت لی جائے اور عالمی ادارہ صحت کی تجاویز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور بہتری کے اقدامات تین ماہ میں مکمل کیے جائیں۔

تحقیقاتی رپورٹ میں کہا گیا کہ آگ لگنے کی سب سے بڑی وجہ اے سی یونٹ کی بجلی کی کیبل میں شارٹ سرکٹ اور غیر معمولی حرارت تھی، مگر کیا بجلی کی کیبل یا اے سی یونٹ خود بخود خراب ہو گئے؟ انتظامی غفلت کا مظاہرہ کیسے ہوا؟ اے سی کی دیکھ بھال، اُس کی برقی تاروں کا معائنہ اور ناقص تنصیب کا ذمہ دار کوئی نہ کوئی انسان ہی تھا۔ شارٹ سرکٹ پر ملبہ ڈال کر اصل انتظامی کمزوریوں کو چھپانے کی کوشش آخر کب تک چلتی رہے گی؟ جب ہسپتال کی عمارت اور آلات کا انتظام انسانوں کے ہاتھ میں ہے تو حادثے کا ملبہ بے جان مشینوں پر گرانا خود کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔ انتظامی حالات یہ ہیں کہ ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر فائر بریگیڈ کو اطلاع نہ دی جاسکی۔ رپورٹ بتاتی ہے کہ آگ 6:38 پر لگی جبکہ امداد کی درخواست 6:54 پر کی گئی، یعنی 16 منٹ کی ناقابلِ معافی تاخیر ہوئی۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ہسپتال کے سکیورٹی گارڈز اور عملے کو ایمرجنسی نمبروں تک کا علم نہیں تھا؟ جہاں ہر کوریڈور اور وارڈ کے باہر جلی حروف میں ایمرجنسی نمبرز کے بورڈ آویزاں ہونا چاہئیں تھے، وہاں عملہ اور گارڈز بدحواسی میں وقت ضائع کرتے رہے۔ یہ واضح ثبوت ہے کہ ملک میں حفاظتی قوانین اور "فائر سیفٹی ایس او پیز" پر عمل درآمد کا کوئی تصور موجود نہیں اور غفلت کا مظاہرہ کیا جاتا ہے۔

بدقسمتی سے یہ حالت صرف پمز ہی نہیں ملک کے کم و بیش ہر سرکاری ہسپتال اور ادارے میں پائی جاتی ہے۔ گزشتہ دِنوں سرگودھا کے نواز شریف کارڈیالوجی ہسپتال سے پورے ہسپتال کے نلکے اور قیمتی سامان غائب ہونے کی خبریں منظرِ عام پر آئی تھیں۔ احساس ہوتا ہے کہ سرکاری املاک کا کوئی والی وارث نہیں ہے۔ ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) اور دیگر متعلقہ حکام ماہانہ بھاری مراعات اور تنخواہیں تو وصول کرتے ہیں لیکن اپنی بنیادی ذمہ داریوں سے غفلت برتتے ہیں۔ ایک زمانہ تھا جب لوگ اپنا کام پوری ایمانداری سے سرانجام دیتے تھے، فرائض کی ادائیگی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کرتے تھے۔ لیکن آج عدم احتساب اور بےحسی کے رویے نے پورے نظام کو گھن کی طرح کھالیا ہے۔ پمز کی تحقیقاتی رپورٹ میں مسائل کی نشاندہی تو کی گئی ہے لیکن کسی کو بھی سزا کا حقدار نہیں ٹھہرایا گیا۔ انتظامی ناکامی کا بھی تو کوئی ذمہ دار ہے، کیا صرف "نظام ناکام قرار دے دینے" سے ذمہ داری ختم ہوجاتی ہے، اِسے ذمہ داروں کو بچانے کی کوشش نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے؟ جب تک سزا کا کوئی شفاف نظام قائم نہیں ہوگا قانون پر عملدرآمد نہیں ہوگا اور اِس پر عملدرآمد نہیں ہوگا تب تک نظام درست نہیں ہوسکتا۔ ہمارا المیہ یہی ہے کہ سانحہ ہوتا ہے کارروائی کرکے اگلے حادثے کا انتظار شروع کردیا جاتا ہے۔ حکومت اور اربابِ اختیار واقعی اِس نظام کی اصلاح چاہتے ہیں تو پمز سانحے کو مثال بنائیں، ذمہ داری کا تعین کریں اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کرکے اُنہیں نشانِ عبرت بنایا جائے۔

خطہ میں کشیدگی!



امریکی جنگی جنون دنیا کے امن اور استحکام کو تباہ کررہا ہے اور افسوس ناک بات یہ ہے کہ اس وقت دنیا میں کوئی بھی ملک اس کا ہاتھ روکنے کی کوشش نہیں کررہا۔ رواں برس فروری کے آخری دن امریکا نے ایران پر جو جنگ مسلط کی اس سے پیدا ہونے والا عدم استحکام آج تک پوری دنیا کے لیے وبال بنا ہوا ہے۔ اس جنگ کے نتیجے میں پہلے آبنائے ہرمز کی بندش نے عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا تھا اور اب باب المندب جیسی حساس بحری گزرگاہ کی بندش مزید مسائل کا باعث بن رہی ہے۔ قطری وزارتِ خارجہ کے عہدیدار ابراہیم الہاشمی نے بجا طور پر خبردار کیا ہے کہ اس اہم آبی راستے کی بندش عالمی سطح پر انتہائی سنگین اور تباہ کن نتائج کی حامل ہوگی۔ یہ بیان اس تلخ حقیقت کا اعتراف ہے کہ خطہ ایک ایسی آگ میں جل رہا ہے جسے بجھانے کی بجائے مسلسل ہوا دی جارہی ہے۔ بحیرۂ احمر کا جنوبی داخلی راستہ عالمی تجارت کی شہ رگ ہے اور اگر یہ راستہ بند ہوگیا تو اس کے اثرات صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ یورپ، ایشیا اور امریکا سمیت پوری دنیا کی معیشتیں اس کی زد میں آئیں گی۔ توانائی کی قیمتیں جو پہلے ہی آسمان سے باتیں کررہی ہیں ناقابلِ برداشت حد سے بھی آگے بڑھ جائیں گی، جہازرانی کے اخراجات میں ہوش ربا اضافہ ہوگا اور عالمی سپلائی چین درہم برہم ہوکر رہ جائے گی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس بحران کا اصل ذمہ دار کون ہے؟ کیا یہ خطرہ فطری طور پر پیدا ہوا ہے یا یہ اس جنگی پالیسی کا براہِ راست نتیجہ ہے جو واشنگٹن نے مشرقِ وسطیٰ میں مسلط کررکھی ہے؟

ان سوالات کے جوابات سے پہلے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا رویہ دیکھیے جو اس بحران کو مزید سنگین بنانے کا باعث بن رہا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ جلد از جلد اور شدت کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے مگر یہ فیصلہ کہ مذاکرات ہوں گے یا نہیں وہ خود کریں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں صدر ٹرمپ نے ایران کو ایک ناکام ہوتی ہوئی ریاست قرار دیا۔ یہ وہی تکبر بھرا لہجہ ہے جو امریکا کو ہمیشہ خود سے کمزور اقوام کے مقابلے میں طاقت کے نشے میں مبتلا کیے رکھتا ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ایک طرف امریکا ایران کو ناکام ریاست قرار دے رہا ہے اور دوسری جانب اسی ایران کے خلاف ایک ایسی جنگ لڑ رہا ہے جس میں اسے خود ناقابلِ تلافی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ اگر ایران واقعی اتنا کمزور اور ناکام ہے تو پھر امریکا کو اس کے خلاف اربوں ڈالر کیوں جھونکنے پڑ رہے ہیں؟ یہ تضاد امریکی پروپیگنڈے کی اصل حقیقت کھول کر رکھ دیتا ہے۔ اس سلسلے امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے خود اعتراف کیا ہے کہ ایران کے خلاف جاری جنگ میں امریکا کو 33 ارب ڈالر سے زائد کا خرچہ برداشت کرنا پڑا جبکہ درجنوں جدید جیٹ طیارے اور ڈرونز تباہ ہوچکے ہیں۔ یہ اعداد و شمار اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ امریکا اپنے وسائل، اپنی افواج اور اپنی ساکھ کو ایک ایسی جنگ میں تباہ کررہا ہے جس کا کوئی واضح انجام نظر نہیں آتا۔ پینٹاگون کے انسپکٹر جنرل کی پہلی باضابطہ اور تفصیلی رپورٹ کے مطابق فروری سے جاری اس جنگ پر جون کے اختتام تک 33 ارب 40 کروڑ ڈالر سے زائد خرچ ہوئے جن میں 22 ارب 30 کروڑ ڈالر سے زائد کے ہتھیار اور بم استعمال ہوئے جبکہ تین ارب 70 کروڑ ڈالر مالیت کے آلات اور طیارے مکمل طور پر تباہ یا ضائع ہوئے۔ یہ صرف مالی نقصان نہیں بلکہ امریکی عسکری بالادستی کے اس تصور کو بھی زک پہنچاتا ہے جس کے بل بوتے پر واشنگٹن دنیا بھر میں اپنی دھونس جماتا رہا ہے۔

ایک جانب امریکا نے مشرقِ وسطیٰ میں حالات خراب کرکے دنیا کے امن اور استحکام کو تباہ کردیا ہے تو دوسری طرف اس نے باضابطہ طور پر یہ تسلیم کیا ہے کہ اس نے خلا کے مدار میں اسپیس کنٹرول ہتھیار تعینات کر رکھے ہیں۔ امریکی فضائیہ کے سیکرٹری ٹرائے مینک کا کہنا ہے کہ امریکا بدلتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار ہے اور دشمن کی کسی بھی جارحانہ کارروائی کے خلاف امریکی افواج کے تحفظ کے لیے مدار میں یہ ہتھیار ضروری تھے۔ حیرت انگیز طور پر انھوں نے ان ہتھیاروں کی صلاحیتوں یا انھیں مدار میں بھیجنے کے بارے میں کوئی تفصیل فراہم نہیں کی جو اس بات کی علامت ہے کہ امریکا اپنی کارروائیوں کو کسی بھی جوابدہی سے بالاتر رکھنا چاہتا ہے۔ یہ اعتراف نہ صرف عالمی سلامتی کے لیے ایک نیا خطرہ ہے بلکہ 1967ء کے اس بین الاقوامی معاہدے کی کھلی خلاف ورزی بھی ہے جس کے تحت خلا میں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تعیناتی پر واضح پابندی عائد کی گئی تھی۔

اس صورتحال پر چین نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے امریکا کے خلائی مدار میں ہتھیار تعینات کرنے کی بھرپور مخالفت کی ہے اور واشنگٹن سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ خلا میں اپنی فوجی طاقت بڑھانے کا سلسلہ فوری طور پر بند کرے۔ چینی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے دوٹوک انداز میں کہا کہ چین خلا کے پرامن استعمال اور اسے محفوظ رکھنے کا زبردست حامی ہے اور خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ، اسے اسلحہ خانے میں تبدیل کرنے یا میدانِ جنگ بنانے کی کسی بھی کوشش کی شدید مخالفت کرتا ہے۔ چین نے امریکا پر زور دیا کہ وہ خلا میں اپنی فوجی طاقت بڑھانے کا سلسلہ بند کرے اور ٹھوس اقدامات کے ذریعے عالمی تزویراتی استحکام کو برقرار رکھے۔ چینی وزارتِ خارجہ کے ترجمان کا بیان صرف چین کا موقف نہیں بلکہ اقوامِ عالم کے جذبات کی ترجمانی ہے کیونکہ خلا انسانیت کی مشترکہ ملکیت ہے نہ کہ کسی ایک سپر پاور کی جنگی چالوں کا میدان۔ مشرقِ وسطیٰ میں امریکا کی چھیڑی گئی جنگ سے پیدا ہونے والا عدم استحکام اور اب خلائی مدار میں ہتھیار تعینات کرنے کا اعتراف دونوں مل کر اس تلخ حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ امریکا ایک غیر ذمہ دار اور غیر مہذب ریاست کا کردار ادا کررہا ہے۔ ایسی ریاست جس نے عالمی امن، بین الاقوامی قانون اور انسانیت کی مشترکہ اقدار کو اپنے تنگ نظر مفادات کی بھینٹ چڑھادیا ہے۔

موبائل کی دنیا، دودھاری تلوار!

اکثر سوچتا ہوں یہ موبائل فون اور اِس میں موجود ایپس اگر نہ ہوتیں تو آج کے پاکستانیوں کی کیا حالت ہوتی۔ مجھ سمیت سارا دن اِدھر اُدھر کی ہانکنے اور سوچنے کی بجائے اس جادونگری، جس میں نو بہ نو فیچرز ہیں، دنیائیں ہیں اور مرچ مصالحہ ہے میں ڈوبے رہتے ہیں۔ کبھی فیس بک، کبھی انسٹا گرام، کبھی ٹک ٹاک، کہیں چیٹ جی پی، کہیں ایکس، کہیں یہ کہیں وہ غرض نہ دن کا چین رہا ہے اور نہ رات کی نیند۔ یہ بیماری ہے یا تفریح آج تک اس میں تفریق نہیں ہوسکی۔ رات کو دو بجے آنکھ کھل جائے تو سرہانے پڑے موبائل کو آن کرکے اُسے دیکھنے کی عادت اب گھر گھر کا سیاپا ہے، ایک بار اسے کھول لیا تو پھر ایک ڈیڑھ گھنٹہ کہیں نہیں گیا۔ وہ ایک ڈیڑھ گھنٹہ جسے نیند کی نذر ہونا چاہئے تھا جب موبائل کی نذر ہوتا ہے تو انسانی جسم کے سارے سسٹم کو توڑ پھوڑ کے رکھ دیتا ہے۔ اُس کے بعد ڈھنگ کی نیند نہیں آتی، بلکہ وہی مناظر اور اُن سے جڑے خیالات گھومتے ہیں۔ یہ ایجاد بھی کمال ہیں انہوں نے انسان کو چاروں طرف سے جکڑ لیا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں فیس بک، واٹس ایپ، انسٹاگرام اور دیگر اپلیکیشنز علیحدہ علیحدہ ہیں، حالانکہ یہ سب آپس میں جڑی ہوئی ہیں، ہمارا ذہن پڑھ کر پھر اسی کو خراب کرنے پر تُل جاتی ہیں۔ یہ ٹیکنالوجی اس قدر شارپ ہے کہ جو آپ سوچ رہے ہوتے ہیں، اُسے پڑھ کر سامنے لے آتی ہے۔ پھر ایک بار آپ نے کسی میں دلچسپی ظاہر کی، یا اُسے دیکھ لیا تو گویا آپ ان کے نرغے میں آگئے۔ ایک بار مجھے کمر میں درد ہوا، میں نے ایسے ہی بیک پین لکھ کر ڈال دیا، اُس کے بعد جو یلغار ہوئی الامان الحفیظ، کہیں کسی ڈاکٹر کی ایڈ آرہی ہے، کہیں حکیم کی، کوئی کمر درد کے بارے میں بقراطی جھاڑ رہا ہے تو کسی نے اُس کا پورا فلسفہ بیان کرنے کی تقریر بنا رکھی ہے۔ ایک کے بعد ایک آنے والی اِن پوسٹوں نے میرا کمر درد تو کیا ٹھیک کرنا تھا الٹا دماغ کا دلیہ بنا دیا۔ اب میں نے توبہ کرلی کہ کوئی بات لکھ کر نہیں پوچھوں گا۔ ایک دن اتفاق سے گھر بیٹھے بچوں سے یہ مشورہ کررہا تھا کہ ڈرائنگ روم کی رینوویشن کی ہے تو پردے کیسے ہونا چاہئیں۔ بس اسی بات کو چند منٹ ہی گزرے ہوں گے کہ پردوں کے بارے میں پوسٹیں شروع ہوگئیں، لاہور کی شاہ عالمی سے لے کر کراچی کی مارکیٹوں تک کے بیوپاری پردوں کے بارے میں بتانے لگے، بنے بنائے پردوں والے آئے اور کپڑا خرید کر اپنی پسند کا پردہ بنانے کی رونق لگانے والوں نے بھی ڈیرے ڈال دیئے۔ ارے بھائی یہ کیا چکر ہے، کیا اب ہم کہیں بیٹھ کر کوئی بات بھی نہ کریں۔ وہ بھی اسی موبائل کے ذریعے کہیں جا کر ہماری خواہشات کا پردہ چاک کر دیتی ہے۔

دو دن پہلے میں نے اتفاق سے لاہور میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی ایک پوسٹ دیکھ لی۔ پوسٹ چونکہ دلچسپ تھی اسی لئے پوری دیکھی۔ اُس کے بعد تو موبائل کی سکرین سہیل آفریدی کی پوسٹوں سے بھر گئی، کہیں اُن کا گاڑی پر چڑھ کے خطاب، کہیں سڑک کنارے بیٹھنا، کہیں پولیس والوں کو جھاڑنا، کہیں یہ تو کہیں وہ، ارے بابا کچھ اور بھی دکھا دو، نہیں صاحب ہر طرف آفریدی آفریدی کی پکار ہی ہوتی نظر آئی۔ اس کا توڑ میں نے یہ نکالا کہ عظمیٰ بخاری کو سرچ کیا، اُن کی پوسٹیں آنا شروع ہوئیں، جن میں وہ سہیل آفریدی کے بارے میں اظہارِ خیال کررہی تھیں۔ پھر چل سو چل، سہیل آفریدی پیچھے چلے گئے اور عظمیٰ بخاری کی پوسٹیں آگے آگئیں۔ فیس بک کا جنجال پورہ ایسے کام کرتا ہے اور کسی کو چین نہیں لینے دیتا۔ اس کے کتنے ہی فیچرز بن گئے ہیں۔ فیس بک ریل، فیس بک سٹوری۔ یہی چیز انسٹا پر بھی ہے، پھر ایک فیچر "فیڈ" کا ہے، جس پر کوئی اپنی پوسٹ لگاتا ہے، ایک بار غلطی سے کسی صاحب نے کوئی معیوب ریل دیکھ لی تو سمجھو مارا گیا۔ اب مخرب الاخلاق ریلیز کا ایک سیلاب آجائے گا۔ آپ لاکھ سٹپٹائیں کہ ایسا کیوں ہورہا ہے۔ یہ طوفان رکنے والا نہیں۔ جو اس بیٹھے زہر کے عادی ہو جاتے ہیں وہ پھر جکڑے جاتے ہیں، اپنا موبائل چھپا چھپا کے رکھتے ہیں، کوئی دیکھ نہ لے، خاص طور پر شوہروں کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ موبائل کی سکرین لاک رکھتے ہیں، مگر اچانک اہلیہ آجائے تو جب چونک کر جلدی سے موبائل کو چھپاتے ہیں تو راز کھل جاتا ہے۔ ایک نیا سیاپا شروع ہوجاتا ہے۔ شروع شروع میں جب فیس بک، انسٹا، ٹک ٹاک اور دیگر ایپس آئی تھیں تو ان کے پاس بھی ٹیکنالوجی اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس اتنی زیادہ نہیں تھی، ہم نے ابتدائی زمانے میں انہیں استعمال کیا یہ سادہ سا نظام رکھتی تھیں جسے صارف آسانی سے اپنے کنٹرول میں رکھتا تھا مگر اب یہ بے لگام گھوڑے بن چکی ہیں۔ آپ کا ذہن اور رجحان پڑھ لیتی ہیں کیا سوچ رہے ہیں، اُسی کے مطابق مواد سامنے لے آتی ہیں۔ آپ کی سوچ، خواہشات، رجحان اور دِل کے اندر کی باتیں بھی جان کر ایسی دنیا میں لے آتی ہیں جو آپ کی ساری پرائیویسی کو سامنے لے آتی ہے۔ سیانے کہتے ہیں سوشل میڈیا اور موبائل کے فیچرز کا استعمال سوچ سمجھ کے کیا کریں۔ فرشتوں کی طرح یہ بھی بندے کی سرگرمیاں نوٹ کررہے ہوتے ہیں۔ کوئی پوسٹ بھی سوچ سمجھ کے لگایا کریں، کسی غصے یا غلط فہمی میں جو پوسٹ ہم آج لگاتے ہیں وہ آنے والے زمانوں تک محفوظ ہو جاتی ہے جس طرح فیس بک میموری میں دس سال پہلے کی اپنی ہی پوسٹ ہمیں حیران کر دیتی ہے، اُسی طرح یہ ہمارے بعد بھی دنیا کے سامنے آتی رہیں گی اسی لئے حذر اے چیرہ دستاں سخت ہیں فیس بک کی تعزیریں۔

امریکہ میں بیٹھی شاعرہ اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی ماہر بینا گوئندی کا کہنا ہے انسانی دماغ اب یرغمالی بن چکا ہے، اپنا نہیں رہا، کوئی شخص بھی آزادانہ سوچ نہیں رکھتا، کہیں نہ کہیں وہ اے آئی سے متاثر ہوتا ہے۔ بظاہر تو اس سے بچا نہیں جاسکتا البتہ سوشل تعلقات بڑھا کر اپنی سرگرمیوں کو مطالعے اور انسانی روابط سے مضبوط کرکے ہم اس یلغار سے کسی حد تک بچ سکتے ہیں۔ مجھے ایک فزیو تھراپسٹ نے بتایا پاکستان میں دائیں کندھے کے درد کی شکایت بہت بڑھ گئی ہے اس کی وجہ انہوں نے یہ بتائی کہ رات کے وقت بستر پر لیٹ کر دائیں ہاتھ سے موبائل استعمال کرنے سے کندھے پر بوجھ پڑتا ہے اور درد شروع ہوجاتا ہے، جو اسی لئے کم نہیں ہوتا کہ روزانہ کی یہ عادت اسے ختم نہیں ہونے دیتی۔ میں نے خود جب اپنے کندھے کا جائزہ لیا وہ بھی اسی وجہ سے درد کی ٹیس بنا ہوا تھا، گویا موبائل کی یہ دنیا دودھاری تلوار ہے، ایک طرف مصروفیت بن گئی ہے

لہو کا خراج

کوئی دل کو اچھا لگتا ہے۔ کوئی ہرج نہیں یا ہماری کسی سے وابستگی ہوجائے۔۔ اس میں بھی کوئی برائی نہیں یا پھر کسی جماعت، تنظیم یا پارٹی کے آپ رکن ہو یہ بھی آپ کا حق ہے جسے بلاچوں چراں تسلیم کیا جاسکتا ہے لیکن ذاتی خواہشوں کے صحرا میں بھٹکتے ہوئے کوئی حقائق مسخ کرنا چاہے یا سچائی کا گلا گھونٹنے کی جسارت کرے یا تاریخ کی گردن پر کلہاڑا چلا کر اپنے آپ کو "ارسطو" سمجھ بیٹھے تو یہ ہم سب پر تاریخ کا قرض ہے کہ ایسی ہر کوشش کو ناکام بنادیا جائے کیونکہ مذہب، اخلاق اور ضمیر اس کی جازت نہیں دیتا۔ اب آپ سوال کر سکتے ہیں کہ پھر ایسی باتیں اخبارات و جرائد میں کیونکر طبع ہوتی ہیں تو جناب اس کا سیدھا سادا جواب یہ ہے کہ جس طرح مسلمانوں میں تحقیق اور تخلیق کا عنصر ختم ہوگیا ہے اب اس میں کوئی بعید نہیں کہ اخبارات و جرائد میں بھی تو ہم جیسے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو مکھی پر مکھی مار کر شاہکار تخلیق کرنے کے دعوے دار ہیں۔ قومی و علاقائی اخبارات میں ایک فاضل مضمون نگار نے اپنے "رہبر کی کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت مولانا مودودیؒ سے ملاقات کے بعد علامہ اقبالؒ نے انہیں مشورہ دیا کہ آپ پٹھان کوٹ چلیں جائیں وہاں آپ کی زیادہ ضرورت ہے اب یہ تو معلوم نہیں کہ تاریخی اعتبار سے اس دعویٰ میں کتنی صداقت ہے اس ضمن میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ علامہ اقبالؒ اور مولانا مودودیؒ کے درمیان نظریاتی اختلافات انتہائی شدید بلکہ سنگین تھے دراصل اس کی آڑ میں فاضل مضمون نگار یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ علامہ اقبالؒ کو جماعت اسلامی کے بانی سے بہت عقیدت تھی اور وہ ان سے متاثر تھے اب ایسی عقیدت کا کیا فائدہ کہ علامہ اقبالؒ جیسا شخص بھی مودودیؒ صاحب کو تحریکِ پاکستان کی جدوجہد کے لئے قائل نہ کرسکا اور بقول علامہ اقبالؒ۔۔ مولانا مودودیؒ کی پٹھان کوٹ کو زیادہ ضرورت تھی تو پھر آپ جناب قیامِ پاکستان کے ساتھ ہی لاہور پاکستان کیوں تشریف لے آئے اور حضرت ساری زندگی جس سیاست کو حرام قرار دیتے رہے پاکستان آتے ہی حلال کیسے ہوگئی؟۔ اسی طرح ایک اور صاحب جمعیت العمائے اسلام کے ایک کنونشن کی روئداد لکھتے ہوئے اس بات پر انتہائی برہم ہیں کہ ہماری جماعت برصغیر کی پرانی جماعت ہے یہ مسلم لیگ کہاں سے آگئی؟ اس کا مطلب ہے کہ آپ نے آج تلک مسلم لیگ کو تسلیم ہی نہیں کیا اسی لئے تو ایسی باتیں سرعام کرکے دل کی بھڑاس نکال رہے ہیں جناب آپ کہتے ہیں ہماری جماعت خطے کی سب سے قدیم جماعت ہے سر تسلیم خم لیکن حضورِ تاریخ یہ ہے کہ اس جماعت نے قیامِ پاکستان کی شدید مخالفت کی تھی اور برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرنے کی بجائے ہندوؤ، کانگریس اور احرار کا ساتھ دیا تھا آپ کے کچھ لوگ اعلانیہ کہتے رہے "خدا شکر ہے ہم پاکستان بنانے کے گناہ میں شریک نہیں ہوئے"۔۔ جناب اس طرح پاکستان بنانے والوں کو تین محاذوں پر آزادی کی جنگ لڑنا پڑی ایک انگریزوں کے خلاف، دوسرا ہندوؤں کے خلاف اور تیسرا محاذ ہندونواز مسلمان علماء کے خلاف۔ اور تاریخ نے فیصلہ ان غریب مسلمانوں کے حق میں دیدیا جنہوں نے حضرت قائدِ اعظمؒ کی قیادت میں آزادی کی خاطر بیش قیمت قربانیاں دیں آپ کو اس آزادی کی کیا قدر ہوسکتی ہے آپ کو تو بنا بنایا ملک مل گیا آپ دل پر ہاتھ رکھ کر خود سے سوال کریں آپ لوگوں نے پاکستان کیلئے آج تک کیا کیا؟ قربانیاں ان لوگوں نے دیں جو اپنے جگر گوشوں کو ہندوؤں سکھوں نے ان کے سامنے نیزے کی انّی پر پرو دیا، وہ بلغ بس، مجبور والدین کے سامنے ان کی نوجوان بچیوں کو اٹھا کر لے گئے۔ یہ اس پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ بڑی بڑی باتیں بھی وہی لوگ کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کیلئے ایک انگشت بھی قربان نہیں کی بلکہ عام پاکستانیوں سے پاکستان بنانے کا آج تک انتقام لیا جارہا ہے ایک سازش کے تحت جنوبی ایشیاء کے ہجرت کرنے والے بھولے بھالے مسلمانوں وسائل سے محروم رکھا گیا افسوس صد افسوس منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے یہ آزادی ہمیں کسی نے تحفے میں نہیں دی یہ ملک ہمیں کسی نے طشتری میں رکھ کر پیش نہیں کیا اس کے لئے ہمارے بزرگوں نے ان گنت قربانیاں دی تھیں ہزاروں ماؤں، بہنوں بیٹیوں نے اس پاک دھرتی کے حصول کیلئے اپنی عصمت قربان کردی، سینکڑوں مسلمان لڑکیوں کو ہندوؤں، سکھوں نے اپنی رکھیل بنا ڈالا جن میں درجنوں آج بھی زندہ ہوں گی پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگانا اتنا بڑا جرم بن گیا تھا ظالموں نے بے شمار ماؤں کے جگر گوشوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔ یہ پاکھنڈی دانشور جو آج ایکتا کے نعرے لگاتے ہیں اس وقت کہاں تھے جب جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں پر اتنے ظلم ہوئے کہ امریتا پریتم جیسے شاعرہ بھی خون کے آنسو روتے دہائیاں دینے لگی اپنے آپ کو پنجابی کہنے والے سکھوں نے پنجابی قوم پر ہی سب سے زیادہ ظلم کے پہاڑ توڑ ڈالے انہوں نے ماں بولی کا بھی خیال نہ کیا کاش انڈیا سے پاکستان آنے والی اس خون میں ڈوبی ریل گاڑی کو قومی عجائب گھر میں رکھا جاتا جس میں کٹے پھٹے اپنے ہی لہو میں نہائے زخمیوں، بے گناہ مسلمانوں کی لاشوں اور زخموں سے چیختے نوجوان لڑکیوں، ماؤں سے چھاتی سے چمٹے معصوم بچوں کی لاشیں تھیں جن کا کوئی جرم نہ تھا جن کو ناحق مار دیا گیا قومی المیہ یہ ہے کہ جن قوتوں نے آج تک پاکستان کو تسلیم نہیں کیا وہ سازش، دھونس اور جبر سے اس ملک کے وارث بن بیٹھے وہ آج بھی ہم سے پاکستان بنانے کے جرم کا انتقام لے رہے ہیں بس انداز بدل گیا ان کا ذہن آج بھی 1947ء جیسا ہے ہماری سمجھ میں بات نہیں آرہی، یہی لوگ کبھی ڈیم نہیں بننے دیتے، کبھی حکومتوں کو عدم سیاسی استحکام سے دوچار کردیتے ہیں، کبھی معاشی طور پر کمزور کرنے کی سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے مفادات کیلئے حکومتوں کو بلیک میل کرتے ہیں اور ہمارے ناعاقبت حکمران ہر قیمت پر اقتدار میں رہنے کی خاطر ان سے بلیک میل ہوتے رہتے ہیں جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کسی کو پاکستان کی فکر نہیں ان چہروں نے 22 کروڑ عوام کو خوشیوں کو یرغمال بنایا ہوا ہے۔ ان لوگوں نے پاکستان کے سارے سسٹم کو یرغمال بنا رکھا ہے پاکستان یہ دشمن مذہب، صحافت، کاروبار سمیت زندگی کے ہر شعبہ پر حاوی ہیں یہی وجہ ہے پاکستان میں حکومت جمہوری ہو یا ڈکٹیٹروں کی یہ لوگ آپ کو ہمیشہ اقتدار میں نظر آئیں گے حالانکہ ہم وطنوں کی اکثریت یہ چاہتی ہے کہ اب ہم ایک دوسرے کو تسلیم کرلیں اجتماعی کوششوں سے ہم ایک پاکستانی قوم بن جائیں فرقہ پرستی، لسانی جھگڑے، صوبائی عصبیت اور سیاسی بغض و عناد کا خاتمہ ہوجائے ہم سب خیبر پی کے، سندھ، کشمیر، پنجاب، بلوچستان اور گلگت بلتستان کے لوگ ایک قوم بن کر پاکستان کا مفاد عزیز رکھیں اب زبانی باتوں کا نہیں عملی طور پر ہم سب کو ثابت کرنا ہوگا یاد رکھیں جو لوگ ماضی کی غلطیوں، خامیوں اور حالات سے نہیں سیکھتے پھر ان سے تاریخ لہو کا خراج مانگتی ہے اور جن قوموں کا ضمیر سوجائے یا جو معاشی، معاشرتی اور اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہوجائیں یا جو قوم میں مقروض ہوکر غیروں سے قرضے مانگتی پھریں انہیں بار بار لہو کا خراج دینا پڑتا ہے۔

شہرنامہ — فن و ثقافت

اداکارہ ہانیہ عامر نے باکسنگ کی ٹریننگ بھی شروع کردی

لاہور: (پی این پی) پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے ڈراموں، فلموں اور گلوکاری کے بعد باقاعدگی کے ساتھ باکسنگ کی ٹریننگ بھی شروع کردی۔ اداکارہ کو ڈبلیو بی او یوتھ ورلڈ باکسنگ چیمپئن عثمان وزیر باکسنگ کی ٹریننگ دے رہے ہیں۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر ویڈیو بھی وائرل ہورہی ہے جس میں اداکارہ کو باکسنگ کی تربیت حاصل کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ عثمان وزیر نے کہا کہ ہانیہ عامر کی یہ ویڈیو کسی کمرشل یا ڈرامہ شوٹ کی نہیں ہے، ہانیہ کو باکسنگ کا شوق ہے، ان کی پہلی باضابطہ فائٹ کا اعلان جلد کردیا جائے گا۔

ٹام ہالینڈ اور زینڈایا کی شادی نہیں ہوئی، تصاویر جعلی قرار

لاس اینجلس (پی این پی) ہالی ووڈ اداکارہ زینڈایا اور ٹام ہالینڈ کی شادی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر ایک نیا انکشاف سامنے آیا ہے۔ زینڈایا کے معروف اسٹائلسٹ لا روچ نے اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے دونوں کی شادی کے حوالے سے جھوٹ بولا تھا۔ کچھ عرصہ قبل لا روچ نے دعویٰ کیا تھا کہ زینڈایا اور ٹام ہالینڈ ایک نجی تقریب میں شادی کرچکے ہیں۔ ان کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر دونوں کی شادی کی خبریں تیزی سے وائرل ہوگئی تھیں تاہم جوڑے نے کبھی اس کی تصدیق نہیں کی تھی۔ اب ایوارڈز کی ریڈ کارپٹ تقریب کے دوران لا روچ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ زینڈایا ابھی باضابطہ طور پر شادی شدہ نہیں ہیں اور ان کی کوئی باقاعدہ شادی کی تقریب نہیں ہوئی۔ اسٹائلسٹ کے مطابق دونوں اپنی آنے والی فلم 'ڈونے پارٹ 3' کی پریس مہم مکمل کرنے کے بعد شادی کریں گے۔

بھارتی موسیقار سلیم مرچنٹ نے فلمی موسیقی چھوڑنے کی وجہ بتادی

ممبئی (پی این پی) بھارتی موسیقار سلیم مرچنٹ نے فلمی موسیقی سے کنارہ کشی کرنے کی وجہ سے پردہ اٹھادیا اور کہا ہے کہ کووڈ کے دوران یہ احساس ہوا کے فلمی موسیقی مجھے خوشی نہیں دے رہی۔ ایک انٹرویو میں سلیم مرچنٹ نے بتایا کہ میں اب فلموں کے لیے گانے نہیں بناتا کیونکہ یہ اب آرٹ نہیں رہا بلکہ کام بن گیا ہے۔ موسیقار کے مطابق فلموں کے لیے گانے بنانا اب اس لیے مشکل ہوگیا ہے کیونکہ اس پورے عمل میں بہت سے لوگوں کی شمولیت ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں فن کا اصل مفہوم ہی متاثر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسیقی محض ایک سیٹ اپ بن کر رہ گئی ہے، آپ کو زیادہ تر بہت سے لوگوں سے رابطہ کرنا پڑتا ہے، اب معاملہ صرف ہدایت کار تک محدود نہیں، بلکہ پروڈیوسر، ریکارڈ لیبل، اداکار اور بعض اوقات نیٹ فلکس جیسے پلیٹ فارم تک بھی بات پہنچ جاتی ہے۔ سلیم مرچنٹ کے مطابق اس طویل اور پیچیدہ عمل کے اختتام تک فن اپنی اصل روح کھودیتا ہے

بادشاہ نے جذباتی طور پر دھوکا دیا، مجھے استعمال کیا گیا، ایشا ریکھی

ممبئی (پی این پی) بھارتی پنجابی فلموں کی اداکارہ اور ماڈل ایشا ریکھی کا کہنا ہے کہ انہیں ریلیشن شپ میں استعمال کیا گیا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ان کے سابق شوہر بادشاہ نے انہیں جذباتی اور جسمانی طور پر دھوکا دیا۔ بگ باس 20 میں گفتگو کے دوران ایشا ریکھی نے اپنے تعلقات میں دھوکا دیے جانے کے احساس کے بارے میں کھل کر بات کی اور اپنے ماضی کے تلخ رشتوں کا تذکرہ کیا۔ اس سے قبل 33 سالہ ایشا ریکھی اپنی نجی زندگی کے حوالے سے اس وقت خبروں میں آئیں جب انہوں نے بادشاہ کے ساتھ شادی کے صرف پانچ ماہ بعد علیحدگی کا اعلان کیا تھا۔ اب انھوں نے بالآخر اپنی علیحدگی کی وجہ کے بارے میں کھل کر بات کی ہے۔ بگ باس کی حالیہ قسط میں ایشا کو کنیکا مان کے ساتھ ایک ریلیشن شپ میں دھوکے کے بارے میں بات کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ انھوں نے براہِ راست بادشاہ سے اپنی علیحدگی کا ذکر تو نہیں کیا، لیکن اشاروں اور کنایوں میں اس بارے میں بات کی۔ انکا کہنا تھا کہ اگر کوئی دوسرا شخص آکر مجھے بتائے کہ کنیکا ایسی ہے یا ویسی ہے، تو میں اس وقت تک اس کی بات پر یقین نہیں کروں گی جب تک میں خود اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لوں۔

شادی سے قبل خودکشی کرنے کا سوچ رہی تھی: مومنہ اقبال

لاہور: (پی این پی) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال نے انکشاف کیا ہے کہ شادی سے 12 روز قبل شدید ذہنی دباؤ کا شکار تھی اور خودکشی کرنے کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔ اداکارہ نے حالیہ انٹرویو میں شادی سے قبل پیش آنے والے شدید ذہنی دباؤ کے بارے میں گفتگو کی ہے۔ اداکارہ نے رکنِ صوبائی اسمبلی ثاقب چدھڑ کے ساتھ جاری تنازع کے حوالے سے کہا کہ اس دوران مجھے شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ نجی مواد منظرِ عام پر آنے کے خدشے نے مجھے اس قدر ذہنی دباؤ میں مبتلا کردیا کہ شادی سے صرف 12 روز قبل میں خودکشی کے بارے میں سوچنے لگی تھی، میں جذباتی طور پر مکمل طور پر ٹوٹ گئی تھیں۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ اس صورتحال کے دوران خوف تھا کہ حمزہ مجھے چھوڑ دیں گے، تاہم میرے منگیتر نے اس کے برعکس میرا ساتھ دیا، اس مشکل صورتحال کا سامنا کرنے کیلئے مجھے حوصلہ اور طاقت فراہم کی۔

SHEHAR NAMA
شہر نامہ
کلاسیفائیڈ
مشتہرین حضرات متوجہ ہوں
☆ کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہیں
☆ تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں
☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے
☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی ودیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا
رابطہ
فون: 051-224909
موبائل: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com

کلاسیفائڈ اشتہار

اعلان گمشدگی!

میں ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائیاتحصیل وضلع راولپنڈی کا رہائشی ہوں اور حلفا بیان کرتا ہوں کہ میرے پلاٹ نمبر 660 برقبہ 98.4 مرلہ بلاک D واقع PGSHF اڈیالہ روڈ راولپنڈی۔کا اصل ٹرانسفر لیٹر گم ہوگیا ہے جس کسی کو ملے اطلاع کریں
ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائیاتحصیل وضلع راولپنڈی

ضرورت ہے

کلفٹن بلاک 4 میں واقع بلڈنگ کیلیے مندرجہ ذیل اسٹاف درکار ھے کلینگ سپروائزر، سوئمنگ پول ٹرینز، لفٹ آپریٹر، الیکٹریشن رابطہ کریں۔
0300-3353555

اعلان

جوڑوں کا درد پہلی۔خوراک پہلی خوراک میں ھی کنٹرول، اعصابی کمزوری، پٹھوں کا کھچاو، کمر درد، مہروں کا درد مستقل علاج کیلئے رابطہ حکیم۔صاحب 0300-7536416

فوری ضرورت

کمپنی کو سول اور دیگر اداروں سے ریٹائرڈ حضرات کی ضرورت ھے کھانہ، رہائش بازمہ کمپنی ڈیوٹی 8 گھنٹے رابطہ کریں
0308-4966486

اعلان گمشدگی

میرے اصل کاغذات اور میری اصل دستاویزات جن میں شناختی کارڈ 4230117714567 یو بی ایل بینک کا کارڈ ڈرائیونگ لائسنس ISL-00130915، موٹر سائیکل کاغذات APF 2026 انجن نمبر SAE745944 چیسز نمبر SAC752241 میکر یونین سٹار 70 سی سی، 26/8/22 کو راولپنڈی کے علاقے سیٹلائٹ ٹاون میں دوران سفر کہیں گم ہو ہیں جس کسی کو ملیں درج۔ پتہ پر ارسال کریں
محمد ارشاد ولد محمد محبوب سکنہ ڈاخانہ خاص گھوڑا گلی تحصیل مری ضلع راولپنڈی

اشتہار برائے پیشی

ہرگاہ مسمی صنور تسلیم ولد محمد تسلیم ساکن کرپا روڈ کوہسار ٹاون اسلام آباد
آپ کو مطلع کیا جاتا ھے کہ آپ کی بیوی صباحت عروج دختر راجہ عقیل احمد ساکن عرفان آباد ترامڑی اسلام آباد نے یونین کونسل ھذا میں ڈگری تنسیخ نکاح/خلع/حصول پر طلاق موثر کیلئے درخواست دی ھے جس پر آپکو نوٹس ارسال کئے گئے لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔لہذا آخری بار آپکو بزریعہ اشتہار ھذا آگاہ کیا جاتا ھے کہ مورخہ 26/09/17 کو دفتر ھذا میں حاضر ہوکر اپنا بیان قلمبند کروائیں بصورت دیگر فریق اول مسمات صباحت عروج کو طلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
چیئرمین
یونین کونسل نمبر 19، ترلائی
اسلام آباد

تبدیلی نام

میں مسمی رفاقت ممتاز ولد محمد ممتاز خان ساکن نزد مدینہ ٹاون نیو آبادی ڈاکخانہ خاص ترلائی کلاں تحصیل وضلع اسلام آباد
میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد موسی سے تبدیل کر کے محمد مصطفی رکھ لیا ھے لہذا آج کا بعد میرے بیٹے کو نئے نام محمد مصطفی ※ سے لکھا اور پکارا جائے اور ضروری کاغزات میں درستگی کی جائے
رفاقت ممتاز ولد محمد ممتاز خان ساکن نزد مدینہ ٹاون نیو آبادی ڈاکخانہ خاص ترلائی کلاں اسلام آباد

بیان حلفی برائے نام اندراج

میں مسمی نثار احمد ولد لعل خان ساکن محلہ منظور آباد تحصیل وضلع اسلام آباد
حلفا" بیان کرتا ہوں اور اقراری ہوں کہ من مخلف کی تاریخ پیدائش 1968/06/06 ھے اور اب تک کسی یونین کونسل میں درج نہ ھے یہ کہ من مخلف کو اپنا نام یونین کونسل ترلائی کلاں اسلام۔آباد میں درج کروانا مقصود ھے
من مخلف کو نام کے اندراج کے بعد برتھ سرٹیفکیٹ درکار ھے
مندرجہ بالا بیان میرے علم ویقین کے مطابق درست ھے اور کوئی بات پوشیدہ نہ رکھی گئی
نثار احمد ولد لعل خان ساکن محلہ منظور آباد ترلائی کلاں تحصیل وضلع اسلام آباد

بقیہ نمبر 1

۔شہریوں کے مطابق ریلیف پیکج کے اعلان کو تین روز گزرنے کے باوجود متعدد پٹرول پمپس پر ریلیف کے نئے نرخوں کا سسٹم فعال نہیں کیا جا سکا۔شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتو رات 12 بجتے ہی نئی قیمتیں نافذ کردی جاتی ہیں، تاہم عوام کو ریلیف دینے کے معاملے میں کئی روز گزرنے کے باوجود عملی اقدامات مکمل نہیں کیے گئے۔شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ اور حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کھوٹہ کے تمام پٹرول پمپس کا فوری معائنہ کیا جائے، ریلیف پیکج کے تحت نئے نرخوں پر پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور عوام کو حکومتی ریلیف کے حقیقی ثمرات پہنچائے جائیں

بقیہ نمبر 2

ادا کرتے ہوئے ہوئے نہایت محنت دیانت داری سے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا اور پارٹی کے ساتھ ہمیشہ وفاداری ثابت قدم رہنے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 3

40 دن ہوئے ہیں جو میرے گھر پر ہی ٹھہری ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میری غیر موجودگی میں میرے شوہر کا دوست ناصر خان میرے گھر آیا اور میری بیٹی کے ساتھ اسلحے کی نوک پر زبردستی جنسی زیادتی کی۔مقدمے کے لیے درج درخواست میں بتایا گیا ہے کہ ملزم بیٹی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتا رہا، بیٹی نے فون کر کے سب بات بتائی جبکہ میرے پہنچنے تک ملزم فرار ہوگیا۔درخواست گزار خاتون نے استدعا کی ہے کہ میری بیٹی کے ساتھ ان کے والد کے دوست نے سخت زیادتی کی

ہے لہٰذا قانونی کارروائی کی جائے۔پولیس کا کہنا تھا کہ متاثرہ لڑکی کا میڈیکل کروا کر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 4

یونٹس کا قیام عوامی مسائل کے حل اور بہتر طرز حکمرانی کی جانب اہم قدم ہے اور یہی وقت کا تقاضا ہے۔شرکاء نے محسن نقوی صاحب کی داخلی امور اور بیرونِ ملک موثر سفارت کاری میں نمایاں خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں سے ملک کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ ایک واضح اور مثبت بیانیہ ہی قومی ترقی کی ضمانت ہے۔

بقیہ نمبر 5

کی بہادری، حاضر دماغی اور فرض شناسی کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ہیڈ کانسٹیبل جواد خان نے بہادری اور حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بروقت کارروائی کی اور اغوا کاروں کے چنگل سے بچے کو بحفاظت بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ان کی فرض شناسی اور جرات کو پولیس افسران کی جانب سے بھی سراہا گیا۔سی ٹی او اسلام آباد کاکنات اظہر خان نے ہیڈ کانسٹیبل جواد خان کو اپنے دفتر مدعو کیا، جہاں انہوں نے ان کی بہادری اور فرض شناسی پر انہیں 50 ہزار روپے نقد انعام دیا اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا۔اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر کاکنات اظہر خان نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی بہادری، فرض شناسی اور حاضر دماغی قابل فخر ہے۔عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور فرض شناس و بہادر اہلکار محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں جرات، حاضر دماغی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکار نہ صرف اپنے فرائض کی بہترین ادائیگی کی مثال قائم کرتے ہیں بلکہ پوری فورس کے لیے حوصلہ اور فخر کا باعث بنتے ہیں۔سی ٹی او اسلام آباد نے مزید کہا کہ بہادری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ فورس میں جذبہ خدمت اور شہریوں کے تحفظ کے عزم کو مزید تقویت دی جا سکے

بقیہ نمبر 6

دین استاذ العلماء خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد مفتی ناصر ساقی رضوی۔ نے جامع مسجد شیشوں والی کٹاریاں راولپنڈی میں معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضیافت چوہدری نزاکت۔ وبرادرز کے والد محترم چوہدری غلام فرید مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے منعقد تقریب میلاد مصطفی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں تلاوت قرآن قاری نور الاسلام اعوان۔نعت شریف۔مرزا شاہ زیب جلال فریدی۔۔ چوہدری نیاز نقشبندی۔ عبدالمعیز نقشبندی۔ مولانا قاری محمد عثمان چشتی راولپنڈی نے گلہائے عقیدت پیش کیا مہمانان گرامی معروف سیاسی وسماجی شخصیات چوہدری امیدوار قومی اسمبلی چوہدری افتخار حسین، چوہدری عادل افتخار۔صوبائی امیدوار ملک خالد نواز بوبی۔ چوہدری جیون راولپنڈی۔ چوہدری رفاقت راولپنڈی تھے چوہدری محمد علی نے محفل کی نگرانی کی استاذی المکرم علامہ محمد ہاشم حقانی نے اختتامی دعا کی اور لنگر حسینی تقسیم کیا گیا

بقیہ نمبر 7

نے قومی کرکٹر محمد رضوان کی درخواست پر سماعت کی، محمد رضوان کی جانب سے وکیل قاضی خمیر علی پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ محمد رضوان قانون کا تابع اور باعزت شہری ہے جس نے اپنی اہلیت کے مطابق پاکستان کرکٹ میں سابق کپتان اور وکٹ کیپر بیٹسمین کی حیثیت سے خدمات سر انجام دی۔وکیل نے کہا کہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد درخواست گزار کو ہوٹل لابی میں بلوایا گیا جہاں حکومتی ایجنسی کا ایک افسر موجود تھا، جس نے بغیر کسی نوٹس کے درخواست گزار سے تفتیش کی اور موبائل قبضے میں لے لیا۔درخواست گزار نے اس یقین دہانی پر موبائل فون دیا کہ تین گھنٹے کے بعد موبائل واپس کیا جائے گا تاہم آج کی تاریخ تک موبائل فون واپس نہیں کیا گیا جو بدنیاتی کو ظاہر کرتا ہے۔لاہور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ این سی سی آئی اے نے محمد رضوان کو طلبی کے نوٹس جاری کئے جو بوگس اور غیر قانونی اور دائر اختیار سے باہر ہے، نوٹس درخواست گزار کو مجرمانہ عزائم کی تکمیل کے کئے بلیک میل کرنے کیلئے جاری کیا گیا، دس ستمبر کو این سی سی آئی اے میں پیش ہوئے اور مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔این سی سی آئی اے نے محمد رضوان پر کرکٹ کے کھیل میں محمد رضوان پر آن لائن بیٹنگ، جواء کے الزامات لگائے جو کہ بے بنیاد ہیں۔محمد رضوان نے درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کرکٹر کو کرپشن سے بچانے کیلئے آئی سی سی کا اینٹی کرپشن یونٹ فورم ہے، درخواست گزار کے خلاف معاملہ آئی سی سی کے اینٹی کرپشن یونٹ کو نہیں بھجوایا گیا۔دوران سماعت محمد رضوان کے وکیل کے پاس کیس کی فائل نہ ہونے پر چیف جسٹس نے اظہار ناراضگی کیا اور کہا کہ یہ بہت ہی غیر مناسب رویہ ہے، جس پر وکیل نے بتایا کہ محمد رضوان کو بیٹنگ سے متعلق نوٹسز بھجوائے گئے۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ جا کر نوٹس کا جواب دیں عدالت کیا لینے آئے ہیں، آپ کو دس ستمبر کو نوٹس جاری ہوا جس کی آپ نے تکمیل کر دی ہے جائیں جا کر سوالات کے جواب دیں، عدالت نے محمد رضوان کی درخواست مسترد کر دی۔عدالتی کارروائی کے بعد میڈیا سے گفتگو میں محمد رضوان کے وکیل کا کہنا تھا کہ رضوان کے پاس چھپانے کیلئے کچھ نہیں ہے ہم اس لیے عدالت آئے ہیں کہ ہمیں پتہ چل سکے کہ کس چیز کی تفتیش ہو رہی ہے

بقیہ نمبر 8

ڈائریکٹر ہاس پینسکس کی الگ الگ ملاقات ہوئی جس میں غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کیلئے انٹرنیشنل سینٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا۔ غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی

بقیہ نمبر 9

اسسٹنٹ کمشنر نے پٹرول پمپس پر موجود عوامی سہولیات اور متعلقہ ریکارڈ کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامیہ اور مالکان کو ہدایت کی کہ حکومتی سبسڈی کے ثمرات عوام تک شفاف انداز میں پہنچائے جائیں اور اس حوالے سے تمام قانونی ضابطوں پر مکمل اور بلا تاخیر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور نے کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور حکومتی اقدامات پر موثر عملدرآمد انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے حقوق کا تحفظ اور سرکاری قیمتوں کی پاسداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 10

ہوئے کہا ہے کہ حالیہ انتخابات میں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران کی اکثریت تاجر رہنماؤں کی ہے سرفراز مغل نے فاونڈر گروپ کے تمام سینئر قائدین کو بھی مبارک باد پیش کی اور شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے تاجر رہنماؤں کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پلیٹ فارم سے تاجر برادری کی خدمت کا موقع دیا۔ محمد اشفاق چٹھہ، سید عمران بخاری، سید الطاف شاہ، کامران کا کاخیل، شاہد عباسی، چوہدری سہیل اشرف اور دیگر تاجر رہنما منتخب ہوئے ہیں۔ امید ظاہر کی کہ فاونڈر گروپ کے زیرسایہ ایگزیکٹو ممبران تاجر برادری کی خدمت کریں گے۔

بقیہ نمبر 11

کی، سیدہ زینب حسین اے سی گوجر خان، تفصیلات کے مطابق نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب حسین نے ہاؤسنگ سکیم نمبر 1 میونسپل لائبریری وفیملی پارک اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا، میونسپل لائبریری کی جاری تزئین و آرائش

کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تعمیراتی و بحالی کے کام کو مقررہ معیار کے مطابق اور مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے تاکہ علاقہ مکینوں، طلباء، محققین اور خصوصاً بچوں اور خاندانوں کے لیے یہ سہولیات جلد از جلد بحال کی جا سکیں۔اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے کہا کہ عوامی مقامات، تعلیمی سہولیات اور تفریحی مقامات کی بہتری انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اور اس سلسلے میں جاری منصوبوں کی نگرانی مسلسل جاری رہے گی۔جبکہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں عملہ کو ہدایت جاری کی کہ شہریوں کے ساتھ دوستانہ ماحول میں انکی مشکلات کا ازالہ کیا جائے اور شہریوں کی شکایات پر وہ سخت ایکشن لیں گی۔

بقیہ نمبر 12

لے کر ہر چیز پر مختلف ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔ پٹرول، بجلی، گیس اور اشیائے ضروریہ سمیت تقریباً ہر چیز پر ٹیکس وصول کیا جاتا ہے، مگر اس کے بدلے عوام کو کیا مل رہا ہے؟ گوجر خان سٹی کے مختلف علاقوں میں کہیں گیس کا مسئلہ ہے، کہیں بجلی کی سہولت ناکافی ہے، کہیں صاف پانی میسر نہیں اور کہیں صفائی ستھرائی کا ناقص نظام شہریوں کے لیے مستقل اذیت بنا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ عوام پر کوئی احسان نہیں بلکہ ریاست کی ذمہ داری اور شہریوں کا بنیادی حق ہے کہ انہیں صاف پانی، بجلی، گیس، نکاسی آب اور صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے۔ گوجر خان کے شہری برسوں سے بنیادی مسائل کے حل کے منتظر ہیں، لیکن ہر بار انہیں وعدوں، یقین دہانیوں اور اعلانات کے سوا کچھ نہیں ملتا۔راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اب صرف دعووں اور وعدوں سے کام نہیں چلے گا، عوام کو عملی اقدامات اور زمین پر نظر آنے والی تبدیلی چاہیے۔اگر حکومت اور متعلقہ ادارے عوام سے ٹیکس لینے کا حق رکھتے ہیں تو عوام کو سہولیات کا مطالبہ کرنے کا بھی پورا حق حاصل ہے انہوں نے مزید کہا کہ گوجر خان سٹی کے ہر محلے اور ہر وارڈ کو ترقیاتی منصوبوں میں یکساں اہمیت دی جائے اور سیاسی وابستگی یا پسند و ناپسند سے بالاتر ہو کر عوام کے مسائل حل کیے جائیں حکومت اور متعلقہ ادارے ہوش کے ناخن لیں، عوام کے صبر کو مزید نہ آزمایا جائے اور گوجر خان کے بنیادی مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں۔راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے مطالبہ کیا کہ گوجر خان سٹی میں گیس، بجلی، صاف پانی، صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں، کیونکہ عوام اب نعروں اور وعدوں کے بجائے اپنے مسائل کا عملی حل چاہتے ہیں

بقیہ نمبر 13

، جبکہ مسلمانوں کے خلاف کفر کا حالیہ گٹھ جوڑ ایک گہری ناپاک سازش اور مذموم پروپیگنڈے کی پیشین گوئی کر رہا ہے لیکن دشمن یاد رکھے کہ حرمین شریفین کے خلاف مذموم مقاصد رکھنے والے اور اسلام کو مٹانے کا خواب دیکھنے والے ماضی میں بھی خود مٹ گئے اور آج بھی کھائے ہوئے بھوسے کی طرح ملیامیٹ ہو جائیں گے مگر دین حق کے خلاف ان کی ناپاک چالیں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فی الوقت امت مسلمہ پر ایک کڑا اور آزمائش کا وقت ہے جس کے لیے ہمیں غفلت کی نیند سے بیدار ہونا ہوگا۔ اپنی آنے والی نسلوں کے قلوب واذہان میں یہ شعور اجاگر کرنا ہوگا کہ اسلام کو جس طرح بیرونی فتنوں اور سازشوں کا سامنا ہے، بالکل اسی طرح آستین کے سانپوں اور اندرونی دشمنوں سے بھی شدید خطرہ لاحق ہے جن کی فتنہ انگیزیوں سے آگاہی حاصل کرنا ہمارے لیے از بس ضروری ہو چکا ہے۔ دفاع حرمین شریفین کے دفاع اور تحفظ کیلئے توحید وسنت کے داعیوں کا بچہ بچہ اور پوری غیور قوم باطل قوتوں کو اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہو کر باطل قوتوں کو عبرتناک شکست سے دوچار کرے گی اور دنیا دیکھے گی کہ ایمان کی طاقت کے سامنے کفر کا ہر گھمنڈ اور ناپاک سازشیں کس طرح ریت کی دیوار ثابت ہوتی ہیں، کیونکہ حرمین شریفین کی مٹی سے ہمارا رشتہ سیاسی نہیں بلکہ خالصتاً ایمانی اور لازوال ہے۔

بقیہ نمبر 14

اسلامی اپنے مطالبات سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی اسلام آباد زبیر صفدر، ڈپٹی سیکرٹری تصور کاظمی اور سیکرٹری اطلاعات رب نواز ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ گزشتہ سال حکومت نے پیٹرولیم لیوی کے نام پر اربوں روپے عوام کی جیبوں سے نکلوائے۔امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نے کہا کہ جماعت اسلامی کا مطالبہ واضح ہے کہ عوام کو حقیقی ریلیف دینا ہے تو پیٹرولیم لیوی ختم کی جائے۔حکومت کے ساتھ مذاکرات میں جماعت اسلامی نے اپنا موقف مدلل انداز میں پیش کیا اور متبادل ریونیو ذرائع کے حوالے سے بھی تجاویز دی ہیں۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی جانب سے 20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کی کال اپنی جگہ موجود ہے۔ ملک بھر سے لوگ اسلام آباد پہنچیں گے اور لاکھوں افراد کی شرکت متوقع ہے۔ جماعت اسلامی کا احتجاج آئینی، قانونی اور جمہوری حدود کے اندر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد مارچ کے بعد مطالبات کی منظوری تک ڈی چوک پر دھرنا جاری رہے گا۔ جماعت اسلامی اپنے مطالبات کے حصول کے لیے پرعزم ہے اور کسی دباؤ یا رکاوٹ کے باعث اپنی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد کی سڑکیں کھلی رکھی جائیں اور انتظامیہ کنٹینرز لگا کر عوام کا راستہ نہ روکے۔ کنٹینرز فوری طور پر ہٹائے جائیں تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ جماعت اسلامی نے ڈی چوک پر دھرنے کے لیے انتظامیہ کو درخواست بھی دے دی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد مارچ کے انتظامات کے لیے 20 انتظامی کمیٹیاں اور 50 ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ انتظامیہ بھی ان کمیٹیوں کے ساتھ تعاون کرے تاکہ مارچ میں شریک ہونے والے افراد کے لیے بنیادی سہولیات اور دیگر انتظامات بہتر انداز میں یقینی بنائے جا سکیں۔انہوں نے کہا کہ 20 ستمبر کا اسلام آباد مارچ، اسلام آباد کی تاریخ کا ایک بڑا اور تاریخ ساز اجتماع ہوگا۔ جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل زبیر صفدر مجموعی طور پر دھرنے کے انتظامات کے ذمہ دار ہوں گے۔امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نے کہا کہ دھرنے میں تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین کو خوش آمدید کہیں گے اور تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنان کو بھی اسلام آباد مارچ اور دھرنے میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

خادم حسین طاہر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے دارالعلوم قادریہ رضویہ ڈھوک پٹھواریاں جھنگی سیداں اسلام آباد سکٹر ایچ 15 کا دورہ کیا اس موقع پر علامہ مفتی ڈاکٹر فدا حسین رضوی نے ادارے سے متعلقہ تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ یہاں پر عالم فاضل کا مکمل کورس درس نظامی کے ساتھ حفظ و قرآت کا شعبہ بھی قائم ہے اس کے علاوہ خواتین بچیوں کے لیے الگ سے ادارہ قائم کیا جا رہا ہے جس کی عمارت کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے مزید کہا کہ وہ مستقبل قریب میں اعلی حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے ایک یونیورسٹی کے قیام کا ارادہ بھی رکھتے ہیں اس موقع پر سردار خادم طاہر نے علامہ مفتی ڈاکٹر فدا حسین رضوی کی دینی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے بہت کم عرصے میں علمی میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے بچپن سے عہد شباب تک دین سے وابستہ رہے ہیں وہ نوجوان علماء کی ایسی ٹیم تیار کر رہے ہیں جو ملک وملت کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے جو عقیدہ ختم نبوت اور ناموس رسالت کے پہریدار بنیں گے سردار خادم طاہر نے کہا کہ مدارس دنیا کی واحد بڑی این جی اوز ہیں جو لاکھوں طلبہ وطالبات کو روزانہ تین وقت کا کھانا اور رہائش مفت فراہم کر رہے ہیں ایسی دنیا میں کوئی مثال نہیں ہے مدارس میں خدمات سرانجام دینے والے قوم کے اصل ہیرو ہیں علامہ مفتی ڈاکٹر فدا حسین رضوی نے سردار خادم طاہر کے دورے کا خیر مقدم کیا یاد رہے کہ مفتی فدا حسین رضوی نے دینی علوم پر تصانیف بھی لکھی ہیں اس موقع پر انہوں نے سردار خادم طاہر کو اپنی کتب بھی پیش کی

بقیہ نمبر 16

اپنے بیان میں استحکام پاکستان پارٹی کے چیئرمین علیم خان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آزاد کشمیر میں پارٹی کو منظم کر کے عوامی خدمت کے مواقع فراہم کیے ہیں۔انہوں نے سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس پر اعتماد کرتے ہوئے آزاد کشمیر کی پارٹی تنظیم ان کے حوالے کرنے کے فیصلے کو بھی سراہا۔انہوں نے کہا کہ سردار تنویر الیاس ایک مخلص اور خدمت گزار سیاسی رہنما ہیں اور ہم ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ سردار تنویر الیاس نے ماضی میں جن سیاسی جماعتوں کے ساتھ وابستہ ہو کر اخلاص کے ساتھ کام کیا، ان کے بارے میں ان کا موقف ہے کہ انہیں وہاں مایوسی اور دھوکے کا سامنا کرنا پڑا، تاہم اب استحکام پاکستان پارٹی کے پلیٹ فارم سے وہ ان کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔محمد اشتیاق کیانی نے حلقہ بلوچ سے استحکام پاکستان پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر عنایت اللہ عارف کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ اور ان کی پوری کیانی فیملی عنایت اللہ عارف کے ساتھ کھڑی ہے۔کیانی خاندان کے تقریباً چار سے پانچ سو ووٹرز عنایت اللہ عارف کی حمایت کریں گے اور حلقہ بلوچ میں ان کی کامیابی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔انہوں نے عنایت اللہ عارف کی سیاسی و سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے حلقے میں عوامی رابطے اور خدمت کے لیے بھرپور محنت کی ہے اور جہاں بھی انہیں عوام کی خدمت کا موقع ملا، وہ پیچھے نہیں ہٹے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ عنایت اللہ عارف آئندہ بھی حلقہ بلوچ کے عوام کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔محمد اشتیاق کیانی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عنایت اللہ عارف کے وژن اور عوامی خدمت کے پروگرام پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں کامیاب بنائیں تاکہ حلقہ بلوچ میں ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کو آگے بڑھایا جا سکے۔اس موقع پر محمد اشتیاق کیانی نے سردار عدنان، سردار امتیاز، سردار سعید، سردار شاہد ایڈووکیٹ اور سردار عنایت اللہ عارف کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے انہیں استحکام پاکستان پارٹی میں شمولیت کی دعوت دی اور ان کے اعزاز میں ایک خصوصی ملاقات اور تقریب کا اہتمام بھی کیا گیا، جس میں پارٹی رہنماؤں اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔محمد اشتیاق کیانی کی شمولیت کو آزاد کشمیر میں استحکام پاکستان پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور حلقہ بلوچ میں پارٹی رابطہ مہم کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 17

۔او۔کلینک؛ ڈی آئی جی ناصر خان؛ جناب طاہر خان، منیجر ایئرپورٹ آپریشنز پاکستان۔سری لنکن ایئر لائنز؛ جناب واحد اللہ جان، منیجر کارگو آپریشنز پاکستان۔اتحاد ایئرویز اور جناب حسن مختار نے شرکت کی۔اس اجتماع نے جناب وجیکون کی پاکستان اور سری لنکا کے درمیان فضائی رابطوں اور عوامی روابط کو مضبوط بنانے میں خدمات کو سراہنے کا ایک پرتپاک موقع فراہم کیا۔ پاکستان میں سری لنکن ایئر لائنز کے کنٹری منیجر کی حیثیت سے اپنی مدت کے دوران جناب وجیکون ایئر لائنز کی پاکستانی مارکیٹ میں سرگرمیوں کو وسعت دینے، سیاحت کے فروغ اور دونوں ممالک کے درمیان روابط مضبوط بنانے کی مختلف کاوشوں میں شامل رہے۔سری لنکا کے سرکاری ذرائع نے بھی پاکستان میں فضائی خدمات، سیاحتی پیکجز اور ٹریول پارٹنرز کے ساتھ تعاون کو وسعت دینے پر ایئر لائنز کی توجہ کو اجاگر کیا ہے۔ ظہرانے نے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تجارت اور کاروباری مواقع پر وسیع تر تبادلہ خیال کیلئے بھی ایک پلیٹ فارم فراہم کیا، جس میں خصوصی توجہ سری لنکا ایکسپو 2027 پر مرکوز رہی۔ بین الاقوامی تجارتی نمائش 14 سے 17 جنوری 2027 تک بندرانائیکے میموریل انٹرنیشنل کانفرنس ہال (BMICH)، کولمبو میں منعقد ہوگی، جس میں برآمد کنندگان، بین الاقوامی خریداروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری نمائندگان کی شرکت متوقع ہے۔عزت مآب جناب سنجیوہ پٹیڈیلا کے ساتھ اپنی گفتگو کے دوران جناب خرم خلیل نینی تال والا نے سری لنکا ایکسپو 2027 کی اس صلاحیت پر تبادلہ خیال کیا کہ یہ پاکستانی کاروباری اداروں کیلئے نئی سورسنگ، سرمایہ کاری، تجارت اور تجارتی شراکت داری کے مواقع تلاش کرنے کا موثر پلیٹ فارم ثابت ہو سکتی ہے۔عزت مآب جناب قونصل جنرل نے جناب نینی تال والا کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ نمائش کا دورہ کریں اور پاکستان اور سری لنکا کے درمیان کاروباری روابط کو مضبوط بنانے کیلئے دستیاب مواقع کا جائزہ لیں۔ نینی تال والا نے سری لنکا ایکسپو 2027 کا دورہ کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، خصوصاً ان مواقع کے پیش نظر جو دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعاون کو مزید فروغ دینے اور نئے تجارتی روابط استوار کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔الوداعی ظہرانہ ایک پرتپاک اور دوستانہ ماحول میں اختتام پذیر ہوا، جہاں شرکا نے جناب وجیکون کی خدمات اور کردار کو سراہنے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور سری لنکا کی کاروباری برادریوں کے درمیان مسلسل روابط کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔یہ موقع ہوابازی، سیاحت، تجارت اور براہ راست کاروباری روابط کے ذریعے دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس تھا۔

بقیہ نمبر 18

کہ بچوں کے تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کریں۔صدر یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام حمزہ رحمان نے کہا کہ بچوں کی تعلیم اور تحفظ ایک محفوظ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ بچوں کو تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تشدد، استحصال، جبری مشقت اور دیگر خطرات سے محفوظ رکھنا والدین، اساتذہ اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ والدین کو چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے خود بھی آگاہی حاصل کرنی چاہیے اور اپنے بچوں کو بھی ان کے حقوق اور تحفظ کے بارے میں شعور دینا چاہیے، کیونکہ باشعور والدین ہی بچوں کو محفوظ، تعلیم یافتہ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 19

جائے گی۔ اس موقع پر نیشنل پریس کلب کے سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، ممبر نیشنل پریس کلب یاسر ملک سمیت ساؤتھ ایئر کے دیگر عہدیداران اور نیشنل پریس کلب کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد نیشنل پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو سفری سہولیات میں ریلیف فراہم کرنا اور صحافی برادری کے لیے مزید سہولتیں پیدا کرنا ہے۔ اس معاہدے کے ذریعے این پی سی ممبران ساؤتھ ایئر کی اندرون ملک سفری خدمات سے خصوصی رعایتی نرخوں پر استفادہ کر سکیں گے۔

بقیہ نمبر 20

فوری کم کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق حکومت کی طرف سے پچھلے کئی دنوں سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل ہوشربا اضافے کے بعد ڈیزل و پٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں ہیں جبکہ مہنگائی بھی دن بدن بڑھنے لگی ہے جس کے ساتھ ہی مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر کے عوام اور شہریوں کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہونے لگا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی مختلف ٹرانسپورٹرز و ڈرائیورز حضرات نے بھی گاڑیوں کرائیوں میں اضافہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے سفر کرنے والے مسافروں کی اکثریت سخت پریشان و شدید دشواری و مشکلات کا شکار ہو کر رہ گئی ہے ان حالات میں عوام کی اکثریت نہ صرف سراپا احتجاج ہے بلکہ مانسہرہ کے شہری عوامی تاجر سماجی مسافر اور ٹرانسپورٹ حلقوں نے وفاقی حکومت سے پٹرول و ڈیزل سمیت آٹا چینی گھی و دیگر اشیاء خورد نوش و روزمرہ استعمال کی چیزوں کے علاوہ گاڑیوں کے کرایے میں بھی فوری کمی کرنے کا مطالبہ کیا ہے،

بقیہ نمبر 21

سیاسی و سماجی رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ان رہنماؤں میں راجہ افضل۔ عبدالخالق۔عبدالرزاق۔ پنجاب کی ووٹمن صدر عاصمہ بٹ۔ ملک ناصر۔ ڈاکٹر یاسین۔ ثاقب اعوان۔آفتاب احمد۔محمد بنارس۔ابرار احمد یاد۔سفیر شاہ اور دیگر رہنما شامل تھے۔خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم چار مختلف شعبوں میں کام کر رہے ہیں جن میں صحت۔تعلیم روزگار اور ٹیکنیکل تعلیم شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پڑھا لکھا پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں اور وہ پڑھا لکھا پاکستان جو صحیح معنوں میں عالمی سطح کی ٹیکنالوجی کو جانتا ہو اور وہ پاکستان کو عالمی سطح پر آگے لے کے بڑھ سکے۔ہم روایتی تعلیم کے حامی نہیں بلکہ دنیا میں رائج کرنے والی تعلیم جو کہ خالصتا ٹیکنیکل ہے اس کے حامی ہیں اور یہ ہمارے منشور کا حصہ بھی ہے۔ان وفود نے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور۔ بیانیے اور سوچ کو تعریف کی اور کہا کہ وہ اس ٹیم کا ضرور حصہ بنیں گے اور اپنا اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 22

رابطے ومشاورت کا عمل جاری، تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کو ملک گیر ممکنہ احتجاج کے حوالہ سے پی ٹی آئی مانسہرہ کی تیاریاں جاری ہیں ذرائع کے مطابق 27 ستمبر کے احتجاج میں مانسہرہ سے سپیکر اسمبلی بابر سلیم سواتی سینیٹر اعظم خان سواتی ممبر قومی اسمبلی شہزادہ گستاسپ خان ممبران صوبائی اسمبلی زاہد چن زیب منیر حسین لغمانی سینئر نائب صدر کے پی کے کمال سلیم سواتی عبدالشکور خان سمیت کئی دیگر پارٹی رہنما بھی احتجاج میں شرکت کریں گے جبکہ مانسہرہ سے پارٹی کارکنوں کے ایک بڑے کارواں کی شرکت متوقع ہے ذرائع کے مطابق ضلع کے مختلف شہروں بالاکوٹ گھڑی حبیب اللہ شنکیاری بفہ اوگی بٹل چھتر پلین خاکی تناول کے علاوہ مانسہرہ کے چھوٹے بڑے قصبات سے بھی پارٹی رہنماؤں عہدیداروں اور کارکنوں کے قافلے ریلیوں کی صورت میں مانسہرہ شہر پہنچیں گے جہاں سے گاڑیوں میں سوار کارکنوں کا بڑا کارواں احتجاج میں شرکت کیلئے روانہ ہوگا جس کی قیادت پارٹی عہدیداران ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور پارٹی کے مختلف سینئر رہنما کریں گے ذرائع کے مطابق اس حوالہ سے پارٹی رہنماؤں وکارکنوں کے درمیان رابطوں ومشاورت کا سلسلہ وقتاً فوقتاً جاری ہے،

بقیہ نمبر 23

بہنوئی کو گھر سے نکال دیا تھا۔
ڈی آئی جی ویسٹ کے مطابق واقعے کے روز ملزم ہمایوں، دانش کے گھر پہنچا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ دانش گھر پر موجود نہیں ہے۔گرفتار ملزم پیر کو دوپہر تقریباً 2 بجے اپنے سالے دانش کے گھر پہنچا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے گھر میں چائے بھی پی، اس دوران مقتولہ مہوش نے اسے بازار سے کپڑوں کی سلائی کے لیے بکرم اور بٹن لانے کو کہا، جس پر ملزم بازار گیا اور واپس آیا تو 2 بچے مدرسے جا چکے تھے۔تفتیش کے مطابق ملزم نے خاتون کو شیر خوار بچی کے ساتھ اکیلا دیکھ کر زیادتی کی کوشش کی، تاہم خاتون نے مزاحمت کی، جس پر ملزم نے مہوش کے سر پر آہنی راڈ سے وار کیے، جس سے وہ زخمی ہونے کے بعد دم توڑ گئی۔ گھر میں موجود شیر خوار بچی اپنی ماں کو دیکھ کر رونے لگی تو ملزم نے اس کا سر دیوار سے مارا، جس کے نتیجے میں بچی بھی جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق ملزم گھر کے واش روم سے ہاتھ دھو کر نکل رہا تھا کہ مدرسے سے دونوں بچے واپس گھر پہنچ گئے۔ بچوں کے گھر میں داخل ہونے کے بعد ملزم نے انہیں بھی آہنی راڈ کے وار کر کے قتل کر دیا۔ واردات کے بعد ملزم گھر سے باہر نکلا تو ایک پڑوسی نے اسے دیکھا، جبکہ ملزم نے پڑوسی کو سلام بھی کیا تھا۔ڈی آئی جی ویسٹ کے مطابق ملزم آلہ قتل اپنے ساتھ لے گیا اور اسے راستے میں ایک نالے میں پھینک دیا، جسے بعد میں ملزم کی نشاندہی پر برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم اپنی موٹر سائیکل گھر پر چھوڑ کر اور موبائل فون بند کر کے دانش کے گھر پہنچا تھا۔ڈی آئی جی ویسٹ نے بتایا کہ مقتولہ کا موبائل فون ملزم نے نہیں اٹھایا۔ پولیس کو شبہ ہے کہ ہجوم میں سے کسی شخص نے موبائل فون اٹھایا، جس سے متعلق انکوائری کی جا رہی ہے۔پولیس کے مطابق ملزم نے منصوبہ بندی کے تحت چاروں قتل کیے، جبکہ پولیس کو جائے وقوع سے کوئی شواہد نہیں ملے تھے۔ڈی آئی جی ویسٹ نے کہا کہ واقعے سے خوف و ہراس پھیلا ہے، اس لیے مقدمے میں دہشتگردی کی دفعہ بھی شامل کی جائے گی

بقیہ نمبر 24

واراکین بلامقابلہ منتخب ہو گئے۔ الیکشن کمیٹی نے شفاف، باہمی مشاورت اور جمہوری اصولوں کے تحت انتخابی عمل مکمل کرنے کے بعد نتائج کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ اعلان کردہ نتائج کے مطابق رانا محمد طارق ویڈیو جرنلسٹ ایسوسی ایشن اسلام آباد کے صدر منتخب ہوئے، جبکہ ماجد علی اور ابن امین نائب صدور، علی اعظم بخاری سیکرٹری، راجہ محمد اسرار اور عمر رضوان ڈار جوائنٹ سیکرٹریز اور نصر اللہ چوہدری سیکرٹری فائنانس منتخب ہو گئے۔ گورننگ باڈی کے لیے عمران خرم (پوہی)، اویس نقوی، یاسر شہزاد (جیا)، صلاح الدین محمد اقبال الدین (بالا)، فیضان علی اور شاہزیب اکرم بلامقابلہ منتخب قرار پائے۔ الیکشن کمیٹی نے نومنتخب صدر، دیگر عہدیداران اور گورننگ باڈی کے اراکین کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت ویڈیو جرنلسٹ برادری کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ حقوق کے تحفظ اور صحافتی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ الیکشن کمیٹی کے مطابق نومنتخب عہدیداران اپنی ذمہ داریاں لگن، عزم، اخلاص اور احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کرتے ہوئے ویڈیو جرنلسٹس کے مسائل کے حل کے لیے موثر آواز بنیں گے۔ نئی قیادت سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ ویڈیو جرنلزم کے پیشہ ورانہ معیار کو مزید بہتر بنانے، ممبران کے حقوق کے تحفظ، باہمی اتحاد و یکجہتی کے فروغ اور ویڈیو جرنلسٹ ایسوسی ایشن اسلام آباد کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کرے گی۔

بقیہ نمبر 25

کوچر جیل بھیج دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کو نئے مقدمے میں اسلام آباد پولیس نے دوبارہ گرفتار کر لیا اور اسلام آباد پولیس کے ایس پی خرم اشرف دونوں کو لے کر اڈیالہ جیل سے اسلام آباد روانہ ہو گئے ہیں ذرائع نے بتایا کہ ایس پی اسلام آباد کے ہمراہ مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز بھی تھے، ایس پی آپریشن 10 گاڑیوں میں نفری لے کر اڈیالہ جیل پہنچے تھے۔ذرائع کے مطابق اسلام آباد پولیس ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کو لے کر اسلام آباد روانہ ہو گئی اور دونوں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت درج مقدمے میں طلبی کروائی گئی ہے۔ بعد ازاں دونوں کو انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پیش کر دیا گیا جہاں جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی

بقیہ نمبر 26

کی، جس میں عدالت نے قرار دیا کہ ضمانت اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت کیس کے حتمی فیصلے تک دی جا رہی ہے۔سماعت کے دوران جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ دونوں وکیل ہیں، اس لیے ان کی عزت رکھ رہے ہیں، تاہم انہیں بھی کہہ دیں کہ عدالت کے ڈیکورم کا خیال رکھیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ ایک وکیل اور ایک عام آدمی میں فرق ہوتا ہے۔سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے ایمان مزاری اور ان کے شوہر کی ضمانت کی مخالفت کی۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے موقف اختیار کیا کہ ہائیکورٹ نے ابھی مخالفت میں کوئی فیصلہ نہیں دیا، ٹرائل کورٹ میں 7 مواقع فراہم کیے گئے تھے۔ سزا کی معطلی کا عدالتی فورم سیکشن 426 کے تحت ہائیکورٹ ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پراسیکیوشن کو آخری موقع دے رکھا ہے۔جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ ہائیکورٹ کے جج صاحب آرڈر میں سپریم کورٹ کا حکم لکھتے ہیں تو کیس ملتوی ہو جاتا ہے، پھر جب سپریم کورٹ میں کیس آتا ہے تو ہائیکورٹ میں نئی تاریخ آ جاتی ہے۔جسٹس نعیم اختر افغان نے مزید ریمارکس دیے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اپنے انداز میں سپریم کورٹ کو کام کرنے سے روک رہی ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ سپریم کورٹ کے پہلے حکم کے بعد کیا ہوا بتا دیں۔ وکیل فیصل صدیقی نے عدالت کو بتایا کہ 12 مئی کو آپ نے پہلا حکم جاری کیا۔12 مئی کو کیس 2 ہفتوں میں فیصلہ کی ہدایت کی گئی۔ وکیل فیصل صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ کی مختلف ساعتوں کی آرڈر شیٹس بھی پڑھ کر سنائیں۔ دوران سماعت عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی رانا اسد کو بیٹھنے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ پہلے وکیل فیصل صدیقی کے دلائل سنیں گے، جس پر وکیل فیصل صدیقی نے مسکراتے ہوئے کہا کہ بالکل یہ بیٹھ جائیں، لیکن تھکا تو انہوں نے ہمیں دیا ہے۔ وکیل نے کہا کہ سابقہ جج جسٹس آصف سعید کھوسہ کہتے تھے صرف جج یا وکیل کے فوت ہونے پر ہی کیس ملتوی ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کیس کو متعدد مرتبہ ملتوی کیا ہے۔ ہماری جلد سماعت کی درخواست کو ہائیکورٹ رجسٹرار آفس نے مسترد کر دیا۔ ہائیکورٹ میں جو کچھ ہوا وہ ہمارے لیے سرپرائز تھا۔جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ آج کل سرپرائز کا دور ہے۔

بقیہ نمبر 27

مریم نواز نے سرکاری طیارہ بک کرایا، سوچا جہاز پر تنقید ہو رہی ہے تو میں ٹکٹ پر بیٹھ کر ملتان چلی جاتی ہوں، وہ جہاز مریم نواز کا نہیں وزیر اعلیٰ پنجاب کا ہے، چاروں وزرائے اعلیٰ کے پاس جہاز ہیں، صرف مجھ پر تنقید ہو رہی ہے، بیٹی کی گریجویشن میں سرکاری جہاز میں جانے پر تنقید کی جا رہی ہے لیکن آپ کو بتا دوں اس کے سارے اخراجات پونے 3 کروڑ روپے خود ادا کیے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ تنقید اس لیے ہو رہی ہے کہ میں کام کرتی ہوں، مریم نواز پر تنقید کر کے ان کو ڈالر ملتے ہیں، مجھ پر تنقید کرنے والے تم کون ہوتے ہو، میں وزیر اعلیٰ بننے سے پہلے کمرشل فلائیٹ پر باہر جاتی تھی، عوام کی خوشحالی کے لیے طیارے پر مجھے جہاں جانا پڑا جاؤں گی، میں طیارے میں بھی ہوں تو میرا دفتر چلتا ہے، میں آپ کی تنقید کا جواب نہیں دوں گی، آپ تنقید کرتے رہو مجھے فرق نہیں پڑتا۔ پنجاب کے ترقیاتی کاموں پر بہت تنقید ہوتی ہے، اس ترقی کو دیکھ کر جو آئینہ دکھایا جا رہا ہے تنقید اس پر ہو رہی ہے، باقی صوبوں میں جاؤ تو ایسا لگتا ہے کہ انیس سو ڈیڑھ میں آ گئے ہیں، پنجاب میں تین سو ارب روپے اپنا گھر، اپنی چھت اسکیم پر لگے ہیں، اس پر کوئی بات نہیں کرتا، پنجاب کے عوام کی خدمت پر کوئی نہیں بولتا، حسرت ہے کہ کوئی یہ کہہ دے انہوں نے بھی اپنے صوبے میں ترقیاتی کام کیے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے دورہ پنجاب کو ناکام قرار دیتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا سے چند افراد پنجاب پر حملہ کرنے آئے انہیں کسی نے نہیں پوچھا وہ سڑک پر بیٹھے رہے، پنجاب کے عوام نے انہیں پہچاننے سے انکار کر دیا، انہیں پنجاب کے عوام نے مسترد کیا تو وہ خود ساختہ اغوا ہوئے، انہوں نے کرسی مانگی تو کرسی دینے سے انکار کر دیا کہ کرسی چوری ہو جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں رہنے والا ہر شخص مریم نواز کی ذمہ داری ہے، رواں مالی سال میں پنجاب کے ہر ضلع میں گرین بسیں چلیں گی، 3 ہزار الیکٹرک بسیں عوام کی خدمت کے لیے موجود رہیں گی، ایسے علاقوں میں گرین بسیں چلا رہے ہیں جہاں عوام نے سرکاری ٹرانسپورٹ کا نام بھی نہیں سنا تھا، طلبا کو ایک لاکھ الیکٹرک بائیک دیں گے، دنیا کی مہنگی ترین کینسر کی مشین اسپتال میں نصب کی ہے، عوام کی حفاظت کے لیے امن وامان بہتر بنایا، کسی اور میں یہ ہمت نہیں تھی، لوگوں نے مقدمات سے ڈرانے کی کوشش کی، میں نہیں ڈرتی

بقیہ نمبر 28

سے ہونے والے سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی ہوگی جب کہ ناگزیر سرکاری تقریبات کے لیے سرکاری آڈیٹوریم اور کمیٹی رومز استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔شادی کی تقریبات میں صرف ایک ڈش پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز اور بازار رات 9 بجے بند ہوں گے، شادی ہالز، مارکیز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے بند ہوں گے، ریسٹورنٹس، کیفے اور فوڈ آؤٹ لیٹس رات 11 بجے بند ہوں گے تاہم ٹیک اوے اور ہوم ڈیلیوری مستثنیٰ ہوں گے۔فارمیسی، اسپتال، کلینک، میڈیکل لیبارٹری، پٹرول پمپس اور دیگر ضروری شعبے اوقات کار کی پابندی سے مستثنیٰ ہیں۔بیکری، تندور، دودھ و ڈیری شاپ، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز اور جم پر بھی اوقات کار کی پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا۔قبل ازیں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ کی کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری دے دی۔وزیر اعظم کی زیر صدارت منعقدہ کفایت شعاری اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات پر اہم اجلاس میں ہوا۔وزیر اعظم نے کہا کہ سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا، معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کیلئے فیول سبسڈی کا آغاز ہو چکا ہے، موٹر سائیکل، رکشا اور 800 سی سی گاڑیوں کو 100 روپے فی لیٹر کے تناسب سے سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔وزیر اعظم نے سرکاری اخراجات میں غیر ضروری کمی اور قومی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنانے اور متعلقہ اداروں کو کفایت شعاری اقدامات پر مؤثر اور فوری عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں حکومتی اخراجات میں کمی، ایندھن کے تحفظ اور سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے اضافی کفایت شعاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی کے اقدام پر عملدرآمد کی منظوری دی گئی۔ایمبولینسز، فائر بریگیڈ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضروری خدمات کی گاڑیاں اس اقدام سے مستثنیٰ ہوں گی، جبکہ انتظامی یا غیر آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں کے لیے استثنا کی اجازت نہیں ہوگی۔اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی، سرکاری سطح پر ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی اور آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیاء کی خریداری پر بھی پابندی عائد کر دی گئی۔ تین ماہ کے لیے سرکاری دوروں اور بیرون ملک سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کر دی گئی۔ ناگزیر بیرون ملک دوروں کی صورت میں وزراء، مشیران، وزرائے مملکت، معاونین خصوصی اور سرکاری افسران اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔اجلاس میں سرکاری امور کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ اور ٹیلی کانفرنسنگ کے زیادہ سے زیادہ استعمال، سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی، سوائے غیر ملکی وفود کے اعزاز میں ضروری عشائیوں اور حکومت کے زیر اہتمام سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگراموں اور کانفرنسوں کے انعقاد میں غیر ضروری اخراجات سے گریز کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔اجلاس میں شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں سنگل ڈش کے اقدام پر بھی عملدرآمد جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز، بازار اور دیگر عمومی کاروباری مراکز رات 9 بجے، جبکہ شادی ہالز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے تک بند ہوں گے۔ ریسٹوران، کیفے، کھانے پینے کے مراکز اور اسٹینڈ الون فروٹ وسبزی کی دکانوں کے لیے بندش کا وقت رات 11 بجے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ فارمیسیز، طبی مراکز، ہسپتال، بیکریاں، پیٹرول و سی این جی اسٹیشنز، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز، جم، کھیلوں کی سہولیات، آئی ٹی کمپنیوں اور کال سینٹرز کو اوقات کار کی پابندیوں سے استثنا دے دیا گیا۔وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ کفایت شعاری اور ایندھن کے تحفظ کے اقدامات کی نگرانی کے لیے قائم کمیٹی وزارتوں، ڈویژنز، محکموں، سرکاری اداروں اور صوبائی حکومتوں سے عملدرآمد رپورٹس حاصل کرے گی، عدم تعمیل اور رکاوٹوں کی نشاندہی کر کے اصلاحی اقدامات تجویز کرے گی اور وزیر اعظم کو ہفتہ وار پیش رفت رپورٹ پیش کرے گی۔وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ کفایت شعاری کے اقدامات پر بلا امتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور حکومتی اخراجات میں کمی

کے ساتھ ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے مالی سال 2026-27 میں پہلے سے نافذ کفایت شعاری اقدامات کو جاری رکھنے کی منظوری بھی دی جا چکی ہے، جبکہ یہ اقدامات وفاقی حکومت کے منسلک محکموں، سرکاری ملکیتی اداروں، قانونی اداروں اور ریگولیٹری اتھارٹیز پر بھی لاگو ہوں گے۔اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، علی پرویز ملک، عطاء اللہ تارڑ اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 29

کی کارکردگی اور صارفین کے اطمینان کا تعین ہوگا، جبکہ سروے کے نتائج مستقبل کی پالیسی سازی میں معاون ثابت ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے تمام متعلقہ فریقین کو سروے کی منظوری کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کنزیومر پرسیپشن سروے ہر چھ ماہ بعد لازمی مکمل کیا جائے۔ سالانہ شیڈول میں کم از کم ایک سروے موسم گرما میں کیا جائے۔ اویس لغاری نے کہا کہ سروے صارفین کی فلاح اور خدمت کے عزم کا عملی مظہر ہے، یہ محض انتظامی کارروائی نہیں بلکہ خدمات میں بہتری کا ذریعہ ہے۔وفاقی وزیر نے صارفین سے سروے میں دیانتدارانہ اور بلا جھجک رائے دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صارفین کی سچی رائے اداروں کی کارکردگی میں بہتری کی بنیاد بنے گی۔ صارفین کی رائے سے شفاف اور باخبر فیصلوں میں مدد ملے گی اور بجلی کے شعبے میں صارفین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 30

کہ ظلم، غلامی اور ذلت قبول نہیں کر سکتے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ سعودی عرب کی تیل تنصیبات، فوجی ٹھکانے اور اُن مقامات کو نشانہ بنا رہی ہیں جو یمن کے خلاف جنگ میں استعمال ہو رہے ہیں

بقیہ نمبر 31

کے دفاع اور تحفظ کیلیے اپنی جانیں دینے کو تیار ہے۔رپورٹ کے مطابق جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے شاہراہ قائدین پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہو ※ ئے کہا کہ اس تاریخی کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دیتا ہوں۔ 52 سال قبل قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر خود کو احمدی اور لاہوری قرار دینے والوں کو غیر مسلم قرار دیا، اس طرح قومی اسمبلی نے پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کی۔ 6 ستمبر کو ملک کی دفاعی سرحدوں کا تحفظ ہوا تھا، 7 ستمبر کو نظریاتی سرحدوں کا تحفظ ہوا۔

بقیہ نمبر 32

حوالگی اور مقدمے کے اندراج کے لیے کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی طور پر واقعے کی کڑیاں کچلاک میں پیش آنے والے 15 سالہ بچی کے قتل کے واقعے سے ملتی ہیں، تاہم اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا کہ مرکزی ملزم کی گرفتاری سمیت تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ واقعے میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا اور تحقیقات میں سامنے آنے والے حقائق کی روشنی میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو مرکزی ملزم سمیت دیگر ممکنہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بچی کے تحفظ اور اسے انصاف کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کو موثر اقدامات کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔شاہد رند کا کہنا تھا کہ کم سن بچی سے متعلق معاملے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بلوچستان حکومت بچوں کے حقوق اور تحفظ سے متعلق قوانین پر موثر عمل درآمد کے لیے پرعزم ہے۔
انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں کم عمری کی شادی کی روک تھام سے متعلق قانون موجود ہے اور قانون کی خلاف ورزی میں ملوث افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 33

شرکائے جنازہ نے عثمان خان اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی۔اس موقع پر اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور حوصلے کی بھی دعا کی گئی

بقیہ نمبر 34

پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے حکومت کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے طریقہ کار کے تحت قیمتوں میں ردوبدل کر دیا ہے۔اعلامیے میں بتایا گیا کہ اوگرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا اطلاق 18 ستمبر 2026 کے لیے ہوگا۔ پیٹرولیم نے کہا ہے کہ اعلان کردہ قیمتیں عالمی مارکیٹ میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں سے منسلک ہیں۔حکومت نے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 47 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا ہے اور نئی قیمت 424 روپے 92 پیسے فی لیٹر مقرر کی ہے۔اسی طرح پیٹرول کی قیمت میں 43 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں پیٹرول کی فی لیٹر نئی قیمت 390 روپے 79 پیسے کی سطح پر آ گئی ہے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں تبدیلیوں، پلاٹس ریٹس، پریمیم اور دیگر اخراجات کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 35

رکے گا حکومت نے جتنی رکاوٹیں کھڑی کرنی ہیں کر لے، بہتر یہی ہے کہ حکمران پرامن اور جمہوری جدوجہد کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہ کریں، انھوں نے کہا لاکھوں لوگ وفاقی دارالحکومت پہنچیں گے، کارکن تیاری تیز کریں، احتجاج ہمارا جمہوری و آئینی حق ہے، پرامن جدوجہد سے کوئی نہیں روک سکتا۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے راولپنڈی دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پنجاب اقبال خان، امیر جماعت اسلامی راولپنڈی شہر سید عارف شیرازی، امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی راجہ محمد جواد، امیر جماعت اسلامی ضلع مری غلام احمد عباسی اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ملک بھر میں جاری دھرنوں کو 33 روز گزر گئے ہیں مگر حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگی انھیں عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں ہے، اب جماعت اسلامی عوام کو لے کر نکلے گی اور پرامن مارچ کرے گی، حکومت راستے بند کر کے اسلام آباد کے عوام کے لیے مشکلات کھڑی نہ کرے، کنٹینر جماعت اسلامی کا راستہ نہیں روک سکتے، ہماری تاریخ گواہ ہے کہ ہم ہمیشہ پرامن رہے، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا احتجاج عوام کے لیے ہے، اس سے قبل بھی آئی پی پیز کے خلاف دھرنے دیے اور مارچ کیا اور عوام کو بجلی بلوں پر ریلیف دلوایا۔

بقیہ نمبر 36

ترجیح قرار دیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے شہداء و غازی پولیس اہلکاروں کے گھروں اور پولیس لائنز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات، غازی اہلکاروں کی عیادت اور پولیس جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف انتظامات کا جائزہ لیا۔ آئی جی اسلام آباد نے شہید اے ایس آئی محسن ظفر، دوران سروس وفات پانے والے کانسٹیبل سیف علی شاہ اور دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے غازی کانسٹیبل محمد حنیف کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، اہلخانہ کی خیریت دریافت کی اور ان کے مسائل و ضروریات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے شہداء کے بچوں کے ساتھ وقت گزارا، ان سے گھل مل گئے اور ان میں تحائف بھی تقسیم کیے۔ انہوں نے غازی کانسٹیبل محمد حنیف کی عیادت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی اور پولیس فورس کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہداء ہمارے ہیروز ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔شہداء کے اہلخانہ

کی عزت وتکریم، فلاح وبہبود اور ان کے مسائل کا بروقت حل اسلام آباد پولیس کی ذمہ داری ہے۔ غازی پولیس فورس کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس اپنے شہداء اور غازیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے اہلخانہ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہداء کے اہلخانہ اور غازی پولیس اہلکاروں کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے پولیس لائنز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف برانچز، رہائشی بیرکس، میس اور دیگر مقامات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے رہائشی بیرکس میں پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ پولیس فورس کی فلاح و بہبود اولین ترجیحات میں شامل ہے اور جوانوں کو بہتر رہائشی و بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس جوانوں کی رہائش گاہوں کو مزید بہتر بنایا جائے اور ان سے متعلق تمام امور ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں۔آئی جی اسلام آباد نے پولیس لائنز کے میس میں کھانے کے معیار کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ پولیس جوانوں کو معیاری اور صحت بخش کھانا فراہم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ پولیس جوان دن رات شہریوں کے تحفظ کے لیے فرائض سرانجام دیتے ہیں، اس لیے ان کی فلاح و بہبود اور بنیادی ضروریات کا خیال رکھنا انتہائی اہم ہے۔دورے کے دوران آئی جی اسلام آباد نے پولیس لائنز میں موجود غازی پولیس اہلکاروں سے بھی ملاقات کی، ان کی عیادت کی، خیریت دریافت کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے غازی اہلکاروں میں تحائف بھی تقسیم کیے۔آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس اپنے شہداء، غازیوں اور تمام پولیس جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی اور پولیس فورس کو درپیش مسائل کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 37

شطرنج کا میچ کھیلنے سے انکار کرتے ہوئے بائیکاٹ کر دیا۔ پاکستان اور اسرائیل کے درمیان شطرنج کا مقابلہ آج شیڈول تھا، تاہم پاکستان نے حکومتی پالیسی کے تحت اسرائیلی ٹیم کے خلاف میچ نہ کھیلنے کا فیصلہ کیا۔صدر چیس فیڈریشن آف پاکستان ذیشان علی نقوی کا کہنا ہے کہ پاکستان کی اسرائیل کے حوالے سے واضح پالیسی ہے، حکومتی پالیسی کے خلاف اسرائیل سے میچ نہیں کھیل سکتے۔ذیشان علی نقوی نے کہا کہ اسرائیل کے خلاف میچ نہ کھیلنے کا فیصلہ فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے کیا گیا ہے۔ازبکستان میں منعقد ہونے والے شطرنج کے عالمی ایونٹ میں دنیا بھر سے 203 ممالک کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 38

لانگ مارچ شروع ہوگا، کراچی، کوئٹہ، چترال، کالام اور پنجاب سمیت ملک کے مختلف حصوں سے قافلے نکلیں گے اور کراچی سے ٹرین مارچ کی صورت میں آنے والا قافلہ ملتان اور لاہور سے ہوتا ہوا اسلام آباد پہنچے گا۔کراچی تا گوادر، خیبر پختونخوا، سندھ، شمالی پنجاب اور ملک کے دیگر علاقوں سے عوام اسلام آباد کا رخ کریں گے اور حکومت کے کنٹینر عوام کا منہ دیکھتے رہ جائیں گے۔لاہور میں دھرنے کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ہمارے تاریخی دھرنوں کو 33 روز مکمل ہو چکے ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ عوام کی شرکت میں اضافہ ہو رہا ہے۔خواتین اور بچوں کی بھرپور شرکت قابل تحسین ہے۔ 33 دن کی ریاضت میں جماعت اسلامی کے کارکنوں نے عوام کو شعور دیا ہے، ہمارے دھرنوں نے قوم میں امید پیدا کی ہے اور اب شعور کی سطح بلند ہو رہی ہے، عوام کے حقیقی مسائل پر سیاست شروع ہو گئی ہے جبکہ ایلیٹ کلاس اور کرپٹ مافیا بری طرح بے نقاب ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 39

موقف ہے کہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی بھارت میں ہی کھیلی جائے گی۔انڈین ہاکی فیڈریشن کا کہنا ہے کہ پاکستان کو بھی بھارت میں کھیلنا ہوگا، پاکستان نہیں آتا تو پہلے سے اعلان کردہ متبادل ٹیم کو مدعو کریں گے۔واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے 5 نومبر تک جالندھر اور موہالی میں کرانے کا اعلان کیا گیا ہے۔دو روز قبل بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ نے شیڈول کے اعلان پر دعویٰ کیا تھا کہ پاکستانی ٹیم بھی کھیلنے آئے گی۔دوسری جانب ایشین ہاکی فیڈریشن کی طرف سے اس حوالے سے تا حال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے

بقیہ نمبر 40

افراد زخمی ہو گئے۔مقامی ذرائع کے مطابق علاقے میں شدید موسمی صورتحال کے دوران آسمانی بجلی ایک مکان پر گری جس کے نتیجے میں 17 سالہ (س) دختر عبدالشکور اور 10 سالہ سدرہ دختر عبدالشکور جاں بحق ہو گئیں واقعے میں علیمہ بی بی اور منظور ولد فرزمان کے علاوہ (م) زوجہ منظور بھی زخمی ہوئے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں ضروری طبی امداد فراہم کی گئی ذرائع کے مطابق آسمانی بجلی گرنے سے قریبی ایک دوسرے مکان کو بھی نقصان پہنچنے کی اطلاع ہے واقعے کے بعد علاقے میں افسوس اور تشویش کی فضا پائی جاتی ہے مقامی افراد نے متعلقہ اداروں سے متاثرہ خاندانوں کو ضروری امداد اور سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 41

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے حراست کی تصدیق کی اخوانزادہ حسین یوسفزئی کے مطابق سلمان اکرم راجہ اشتیاق ستی کے جنازے میں شرکت کے لیے کوٹلی ستیاں گئے تھے، جہاں سے واپسی پر انہیں تھانہ تیلور کی حدود میں پولیس نے حراست میں لے لیا۔ بعد ازاں سلمان اکرم راجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 4 گھنٹے مجھے، لطاسب ستی، اخلاق ستی اور ہمارے متعدد دوستوں کو حبس بے جا میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا ہے، مقصد صرف اعجاز ستی مرحوم کے جنازے میں شرکت سے روکنا تھا۔انہوں نے کہا کہ عوام کا خوف فیصلہ سازوں سے عقل وفہم چھین چکا ہے، انسانی حقوق بے معنی ہو چکے ہیں، دوستوں کا نیک تمناؤں کے لیے شکر گزار ہوں۔

بقیہ نمبر 42

نے کہا کہ پاکستان مشرق وسطی کی صورتحال کا انتہائی سنجیدگی سے جائزہ لے رہا ہے اور حوثی حملوں کے تناظر میں خطے میں ابھرتی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، مکہ دفاعی معاہدے پر تینوں ممالک نے پریس ریلیز جاری کیں، مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے

بقیہ نمبر 43

توسیع حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کی واضح سمت متعین کر دی ہے۔ برآمد کنندگان کو 5.4 فیصد کی شرح پر ری فنانس فراہم کیا جا رہا ہے، حالانکہ پالیسی ریٹ 5.11 فیصد ہے۔ روایتی برآمدی شعبوں کو مزید مسابقتی بنانے کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 44

ریلیف کی فراہمی جاری ہے۔وزیر اعظم شہباز شریف نے چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد اور انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اسکیم کے حوالے سے فیلڈ میں موجود رہیں اور عوام کو رجسٹریشن سمیت دیگر مراحل میں ہر ممکن رہنمائی فراہم کریں۔وزیر اعظم نے عوامی نمائندوں اور رضا کاروں کو بھی عوام کی رہنمائی کے لیے متحرک کرنے کی ہدایت کی۔اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فیول سبسڈی اسکیم کے حوالے سے بھرپور میڈیا آگاہی مہم چلائی جائے اور پرنٹ، الیکٹرانک، ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا پر عوام کو اسکیم کے طریقہ کار اور اہلیت سے آگاہ کرنے کا عمل تیز کیا جائے۔وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کا مقصد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بوجھ کو کم کرنا اور ریلیف ان شہریوں تک پہنچانا ہے

راولپنڈی، سربراہ عوامی قوت پارٹی خاقان خواجہ سے سماجی وسیاسی رہنماؤں کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ڈیجیٹل میڈیا شعبہ میں بہترین کارکردگی، ملک عمران کو ایوارڈ سے نواز دیا گیا

وزیراطلاعات عطاءاللہ نے شیلڈ دی، یوتھ ایم پی اے کا دیانتداری سے کام کرنیکا عزم

اسلام آباد(پ ر) یوتھ ایم پی اے ملک عمران جاوید کو وزارتِ اطلاعات و نشریات کی جانب ڈیجیٹل میڈیا کے شعبے میں بہترین کارکردگی پر اعزازی شیلڈ اور سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا گزشتہ روز اس سلسلہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جسمیں ملک عمران جاوید کو ان کی بہترین کارکردگی پر انہیں ایوارڈ سے نوزا گیا وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ نے انہیں شیلڈ دی بعدازاں ملک عمران نے اس حوصلہ افزائی پر اپنے تمام ساتھیوں کا شکریہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کہوٹہ میں پٹرول ریلیف پیکج پر تاحال عملدرآمد نہ ہوسکا

فوری نوٹس اور تمام پٹرول پمپس کا فوری معائنہ کیا جائے، شہری

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات پر دیے گئے ریلیف پیکج کے باوجود کہوٹہ کے عوام تاحال اس کے ثمرات سے محروم ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لاہور ایک فیملی ٹانگے میں سوار ہوکر منزل کی جانب رواں دواں (پٹرول مہنگا ہونے کے بعد شہریوں کی آمدورفت کے روایتی طریقہ میں دلچسپی میں اضافہ ہونے لگا ہے)

راولپنڈی، باپ کے دوست نے خاتون کی عزت تار تار کردی

والدہ کی مدعیت میں واقعے کا مقدمہ درج، لڑکی کے ہاں 40 روز قبل بیٹی پیدا ہوئی تھی، پولیس

ملزم فرار ہوگیا، بیٹی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیتا رہا، مقدمہ میں موقف

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی کے تھانہ نصیر آباد کے علاقے میں شادی شدہ لڑکی کو ان کے والد کے دوست نے اسلحے کی نوک پر مبینہ طور پر زبردستی جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ متاثرہ لڑکی کی والدہ کی درخواست پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ راولپنڈی پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی کی والدہ نے مقدمہ درج کراتے ہوئے بتایا کہ بچوں کے ہمراہ صوابی گئی ہوئی تھیں اور میری بیٹی کے ہاں بیٹی پیدا ہوئے تقریبا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

امتِ مسلمہ پر کڑا اور آزمائش کا وقت ہے، حافظ عبدالحمید عامر

عالم کفر کا گٹھ جوڑ اور اسلام مخالف سازشی عناصر خود مٹی کا ڈھیر بن جائیں گے

حرمین شریفین پر حوثی باغیوں کے حملے سے عالم اسلام میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی

جہلم (نامہ نگار) جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم، مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر اور چیئرمین تحفظ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان حافظ عبدالحمید عامر نے حوثی باغیوں کی جانب سے ارضِ مقدس پر مسلسل جارحیت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت عالمِ اسلام کی حتمی "ریڈ لائن" ہے جس کے تحفظ کے لیے خون کا آخری قطرہ تک بھی بہا دیں گے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

صحافی برادری کیلئے خوشخبری: صحافیوں اور اہل خانہ کیلئے سفری سہولتوں میں خصوصی رعایت

سوتھ ایئر کے ساتھ معاہدہ این پی سی ممبران کو اندرونِ ملک فضائی سفر پر 15 فیصد خصوصی ڈسکاؤنٹ حاصل ہوگا

8 سے زائد افراد کے گروپ سفر پر 20 فیصد رعایت دینے کا اعلان صحافتی حلقوں کا اظہار تشکر

صدر عبدالرزاق سیال اور ڈپٹی سی ای او محسن جمیل نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے معاہدے کا مقصد صحافی برادری کو ریلیف فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) نیشنل پریس کلب اسلام آباد اور ساؤتھ ایئر کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کردیئے گئے۔ معاہدے پر نیشنل پریس کلب کی جانب سے صدر عبدالرزاق سیال جبکہ ساؤتھ ایئر کی جانب سے ڈپٹی سی ای او محسن جمیل نے دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت نیشنل پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہلِ خانہ کو پاکستان کے اندر سفر کے دوران ساؤتھ ایئر کی جانب سے 15 فیصد خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی، جبکہ 8 افراد سے زائد کے گروپ کی صورت میں سفر کرنے والے این پی سی ممبران اور انکے اہل خانہ کو 20 فیصد رعایت دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مطالبات کی منظوری تک ڈی چوک پر پڑاؤ ہوگا: نصراللہ رندھاوا

پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کے "اسلام آباد" مارچ کی تیاریاں مکمل

انتظامیہ کنٹینرز ہٹادے، ڈی چوک پر دھرنے کی درخواست دیدی: امیر JI اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصراللہ رندھاوا نے کہا ہے کہ اسلام آباد مارچ کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ جماعت اسلامی کا احتجاج تاریخ ساز اور مکمل طور پر پرامن ہوگا۔ مطالبات کی منظوری تک ڈی چوک پر پڑاؤ ہوگا اور جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

CTO کائنات اظہر خان کا کانسٹیبل جواد خان کو خراجِ تحسین

بہادری اور حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بچے کو اغواء ہونے سے بچالیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کا فرض شناس ہیڈ کانسٹیبل جواد خان کو خراجِ تحسین۔ ہیڈ کانسٹیبل جواد خان نے بہادری اور حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بروقت کارروائی کی اور اغواکاروں کے چنگل سے بچے کو بحفاظت بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے راولپنڈی سے اغوا کیے گئے بچے کو اغواکاروں سے بحفاظت بچانے والے فرض شناس ہیڈ کانسٹیبل جواد خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کراچی گرینڈ الائنس کا اہم اجلاس، وفاقی وزیر داخلہ کو خراجِ تحسین

چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام" کے بیانیے کی بھرپور حمایت اور تائید کا اعلان

کراچی (نمائندہ۔شہرنامہ) کراچی گرینڈ الائنس کا ایک اہم اجلاس محمد اسلم خان کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے حالیہ بیانیے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے متفقہ طور پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے "چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام" کے بیانیے کی بھرپور حمایت اور تائید کا اعلان کیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ بااختیار انتظامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

لاہور ہائیکورٹ نے کرکٹر محمد رضوان کی درخواست خارج کردی

لاہور: (پی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے قومی کرکٹر محمد رضوان کی این سی سی آئی اے کی کارروائی کے خلاف دائر درخواست مسترد کردی، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ آپ این سی سی آئی اے کے پاس جائیں اور سوالات کا جواب دیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ایصالِ ثواب مومنین کے لیے تحفہ برزخ ہے۔علامہ ہاشم حقانی

چوہدری غلام فرید مرحوم نیک سیرت انسان تھے۔مفتی ناصر ساقی رضوی

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) ایصالِ ثواب مومنین کے لیے تحفہ برزخ ہے۔علامہ ہاشم حقانی۔ چوہدری غلام فرید مرحوم نیک سیرت انسان تھے۔مفتی ناصر ساقی رضوی۔ ایصالِ ثواب کی نعمت امت مسلمہ کو عطا کی گئی ایصالِ ثواب کرنے والے خوش نصیب ہوتے ہیں جو والدین کے لیے صدقہ جاریہ کرتے ہیں وہ انکی ارواح کو پہنچایا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، علامہ ہاشم حقانی، مفتی ناصر ودیگر چوہدری غلام فرید کے ایصالِ ثواب کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

عقیدہ ختم نبوت اور ناموسِ رسالت پر پہرہ ہر مسلمان پر فرض، فدا رضوی

مدارس میں خدمات سرانجام دیتے والے قوم کے اصل ہیرو ہیں، سردار خادم طاہر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جامعہ قادریہ رضویہ کے مہتمم ممتاز عالم دین علامہ مفتی ڈاکٹر فدا حسین رضوی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت اور ناموسِ رسالت پر پہرہ ہر مسلمان پر فرض ہے اسلام کی بنیاد عقیدہ ختم نبوت پر ہے جس سے انکاری ہر فرد اور گروہ دائرہ اسلام سے خارج ہے علم دین سیکھنا اور سکھانا رسول اللہ کی سنت ہے دینی مدارس یہ فریضہ سرانجام دے رہے ہیں درسگاہیں حقیقی معنوں میں اسلام کے قلعے ہیں جن سے نبی پاک کے سچے غلام پیدا ہو رہے ہیں یہ سلسلہ صبح قیامت تک جاری رہے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پٹرولیم قیمتوں میں شربا اضافہ، مہنگائی بھی بڑھنے لگی

پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والے مسافروں کو پریشانی کا سامنا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ہوشربا اضافہ، مہنگائی بھی بڑھنے لگی، عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز، ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی اضافہ، ڈیزل پٹرول کی قیمتیں فوری کم کی جائیں، لوگ سراپاءِ احتجاج، شہری عوامی مسافر اور ٹرانسپورٹ حلقوں کا حکومت سے پٹرولیم مصنوعات و دیگر چیزوں کی قیمتیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

تیسرا ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ پاکستان سے نیوٹرل وینیو منتقل

لاہور: (پی این پی) تیسرا ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ پاکستان سے نیوٹرل وینیو منتقل کردیا گیا ہے۔ ایونٹ کی میزبانی سے متعلق فیصلہ انٹرنیشنل کونسل آف وہیل چیئر کرکٹ اور پاکستان وہیل چیئر کرکٹ کونسل کے مشترکہ اجلاس میں باہمی رضامندی سے کیا گیا۔ پاکستان وہیل چیئر کرکٹ کونسل نے ایشیا کپ کی میزبانی کے حقوق انٹرنیشنل کونسل آف وہیل چیئر کرکٹ کو واپس کردیئے ہیں۔

صدر این پی سی عبدالرزاق سیال، سیکرٹری فرقان راؤ اور ساؤتھ ایئر کے افسر معاہدہ کی دستاویز کے ہمراہ

عوام کے بنیادی مسائل کو ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں، خاقان خواجہ

اقتدار میں نہ ہونے کے باوجود عوامی اور فلاحی منصوبوں پر کام کررہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم عوام کے بنیادی مسائل کو ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اقتدار میں نہ ہونے کے باوجود بھی ہم عوامی اور فلاحی منصوبوں پر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں آئے ہوئے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پی ٹی آئی مانسہرہ، 27 ستمبر احتجاج کی تیاریاں

پارٹی رہنماؤں و کارکنوں کے درمیان رابطے و مشاورت کا عمل جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی مانسہرہ، 27 ستمبر احتجاج کی تیاریاں، مانسہرہ سے بڑے کارواں کی شرکت متوقع، مختلف شہروں میں پارٹی رہنماؤں و کارکنوں کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، آئی جی سہیل چوہدری کے شہداء وغازیوں کے گھروں کے دورے پر اہلخانہ سے ملاقات کررہے ہیں

اشتیاق کیانی استحکام پاکستان پارٹی میں شامل

سردار تنویر الیاس ایک مخلص اور خدمت گزار سیاسی رہنما ہیں، بیان

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آزاد کشمیر کے حلقہ بلوچ سے تعلق رکھنے والے معروف سیاسی و سماجی رہنما محمد اشتیاق کیانی نے استحکام پاکستان پارٹی (IPP) میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے حلقہ بلوچ سے پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر عنایت اللہ عارف کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے۔ محمد اشتیاق کیانی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

مشیر سیاحت سردار یاسر، سردار طاہر محمد کا اسلام آباد چیمبر کے نومنتخب عہدیدران کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان سے غیر قانونی یورپ جانے والوں کی تعداد میں 64 فیصد کمی

انٹرنیشنل سینٹر فار مائیگریشن اور یورپی یونین کے بارڈر کوسٹ گارڈ میں باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی نے غیر قانونی امیگریشن کے سدباب کے لیے پاکستان کے موثر اقدامات کو سراہا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ سوزین راب اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی فرنٹیکس کے ایگزیکٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام چیمبر الیکشن، فاونڈر گروپ کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، سرفراز مغل

خوش آئند ہے کہ اکثریت تاجر رہنما ایگزیکٹو ممبر منتخب ہوئے ہیں جو خدمت کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) سپر مارکیٹ کے سابق صدر سرفراز مغل نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیاب ہونے والے ایگزیکٹو ممبران کو شاہین گروپ سپر مارکیٹ کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل کا تحصیل نوشہرہ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے تحصیل نوشہرہ کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیراعظم پاکستان کی جانب سے دی جانے والی سبسڈی کے حوالے سے پٹرول پمپس کے ریکارڈ، سرکاری قیمتوں اور دیگر ضروری امور کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا تحصیل آفس و میونسپل لائبریری دورہ

لائبریری کی تزئین وآرائش جلد مکمل کرنے کی ہدایت، غفلت برداشت نہیں، گفتگو

8 گوجرخان (بیورو رپورٹ) نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کا تحصیل آفس و میونسپل لائبریری کا دورہ، ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو شہریوں کی مشکلات ازالے کی جبکہ میونسپل لائبریری کی تزئین و آرائش جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی، کسی قسم کی کوئی کوتاہی وغفلت برداشت نہیں کی جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اب صرف دعوؤں اور وعدوں سے کام نہیں چلے گا، راجہ قاسم علی صغیر بھٹی

ٹیکس لینے میں حکومت کو عوام یاد ہے، سہولیات دینے میں کیوں نہیں؟

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور سابق امیدوار برائے کونسلر محلہ حافظ آباد وارڈ نمبر 5 راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرنے میں تو کوئی کوتاہی نہیں کرتی، لیکن جب عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی باری آتی ہے تو گوجرخان کے شہریوں کو نظرانداز کردیا جاتا ہے۔ آخر ٹیکس دینے والی عوام کو بنیادی سہولیات کب ملیں گی، راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے کہا کہ عوام روزمرہ استعمال کی اشیاء سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سری لنکن ایئرلائنز کے کنٹری منیجر کے اعزاز میں الوداعی ظہرانہ

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تجارت اور کاروباری تعاون پر تبادلہ خیال

کراچی (پ ر) میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے COO جناب خرم خلیل نینی تال والا نے سری لنکن ایئرلائنز پاکستان کے کنٹری منیجر جناب روان وجیکون کے اعزاز میں الوداعی ظہرانے کی میزبانی کی جس میں سفارتی، کاروباری، ہوا بازی، پیشہ ورانہ اور عوامی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ ظہرانے میں عزت مآب سنجیوہ پٹیویلا قونصل جنرل آف سری لنکا، کراچی؛ جناب مشکور خان، EVP اور ریجنل منیجر، میزان بینک لمیٹڈ؛ جناب عبدل واحد سیٹھی صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر (A) نیشنل بینک آف پاکستان (NBP)؛ ڈاکٹر سید عمران علی شاہ، کنسلٹنٹ آرتھوپیڈک سرجن و ٹراما اسپیشلسٹ اور میڈیکل ڈائریکٹر، اے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

نوشہرہ، چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد

بچوں کو درپیش مختلف مسائل کے حوالے سے شرکاء کو آگاہی فراہم کی گئی

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) نڑی نودیہ نوشہرہ یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام اور ہیومن ویلفیئر آرگنائزیشن کے اشتراک سے چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے آگاہی سیشن منعقد ہوا چیف گیسٹ سحر اعجاز سیٹھی ایڈوکیٹ نے بچوں کے حقوق اور تحفظ پر تحصیل جہانگیرہ ویلج کونسل نودیہ میں بچوں کے حقوق، تحفظ، تعلیم اور معاشرے میں بچوں کو درپیش مختلف مسائل کے حوالے سے شرکاء کو آگاہی فراہم کی۔ سحر اعجاز سیٹھی ایڈوکیٹ نے والدین اور معاشرے کے ذمہ دار افراد پر زور دیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی، زیادتی میں مزاحمت پر خاتون اور 3 بچوں کا قتل، بہنوئی ملوث نکلا

ملزم نے خاتون کو شیرخوار بچی کے ساتھ اکیلا دیکھ کر زیادتی کی کوشش کی مزاحمت پر آہنی راڈ دے مارا

ملزم ہمایوں ڈیڑھ سال قبل دانش کا کرایہ دار تھا اور اسی گھر کی بالائی منزل پر رہتا تھا، ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں خاتون اور 3 بچوں کے بہیمانہ قتل کے واقعے میں مقتولہ کے شوہر کا بہنوئی ملوث نکلا۔ سرجانی ٹاؤن کے علاقے میں ماں اور اس کے 3 بچوں کے قتل کا معمہ حل کرتے ہوئے پولیس نے مقتولہ کے شوہر دانش کے بہنوئی ہمایوں کو گرفتار کرلیا، جبکہ اس کی نشاندہی پر آلہ قتل بھی برآمد کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ نے ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی اور ایس پی انویسٹی گیشن ویسٹ مسرور کے ساتھ پریس کانفرنس میں بتایا کہ زیرحراست ہمایوں کو باضابطہ گرفتار کرلیا گیا ہے، ملزم نے دوران تفتیش چاروں قتل کا اعتراف کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم ہمایوں ڈیڑھ سال قبل دانش کا کرایہ دار تھا اور اسی گھر کی بالائی منزل پر رہتا تھا، تاہم ڈیڑھ سال قبل دانش نے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ویڈیو جرنلسٹ ایسوسی ایشن انتخابات، عہدیداران بلامقابلہ منتخب

الیکشن کمیٹی نے انتخابی عمل مکمل کرنے کے بعد نتائج کا باضابطہ اعلان کیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ویڈیو جرنلسٹ ایسوسی ایشن اسلام آباد (VJAI) کے انتخابات برائے 2026-27 میں ایگزیکٹو باڈی اور گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

شہرنامہ SHEHAR NAMA Islamabad اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356